★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | منگل 22 جمادی الاول 1446ھ 26 نومبر 2024ء 10 مگھر 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 41

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔)

پاکستان اور بیلاروس کے درمیان 8 مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط

پاکستان میں تمام اقتصادی شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع موجود ہیں اور توانائی، انفراسٹرکچر، ٹیلی کمیونی کیشن، مینوفیکچرنگ، منرلز، آئی سی ٹی اور زراعت سمیت دیگر شعبوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ترجیح ہے

اعتماد کا فقدان دور کرنے کے لیے فریقین کو ٹیرف اور نان ٹیرف رکاوٹوں کو کم سے کم کرنے کے لیے جدی سے کام کرنا ہوگا اور تجارتی ایک دوسرے کو مارکیٹ تک بامقصد رسائی دینے کے لیے معقول درآمدی ضروریات کا خیال رکھنا ہوگا، وزیر تجارت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور بیلاروس کے درمیان 8 مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط کیے گئے جبکہ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے پاکستان اور بیلاروس کے درمیان تجارت کے فروغ پر زور دیتے ہوئے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان تجارت کا موجودہ حجم ان کی معاشی صلاحیتوں کا آئینہ دار نہیں ہے، دونوں ملکوں کو اپنے تو انا شعبوں میں سرمایہ کاری کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1



اسلام آباد، کوآرڈینیٹر وزیر اعظم برائے سوسیائل تبدیلی رمینہ خورشید اور بیلاروس کے وزیر ماحولیاتی تبدیلی ملاقات کر رہے ہیں

یوسف رضا گیلانی وفد کے ہمراہ سعودی عرب روانہ

دورے کی دعوت سعودی عرب کی شوریٰ کونسل کے چیئرمین نے دی ہے، سینیٹ سیکرٹریٹ

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی وفد کے ہمراہ سعودی عرب کے 5 روزہ دورے پر روانہ ہو گئے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کے مطابق اس دورے کی دعوت سعودی عرب کی شوریٰ کونسل کے چیئرمین نے دی ہے۔ سینیٹ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

ٹانک میں پولیس چیک پوسٹ پر دہشت گردوں کا حملہ، 5 اہلکار زخمی

مسلح دہشت گردوں نے ضلع ٹانک کی گل امام پولیس چیک پوسٹ کو فائرنگ کا نشانہ بنایا

ٹانک (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع ٹانک میں پولیس چیک پوسٹ پر مسلح دہشت گردوں کے حملے میں 5 پولیس اہلکاروں سمیت 6 افراد زخمی ہوگئے۔ اطلاعات کے مطابق مسلح دہشت گردوں نے ضلع ٹانک کی گل امام پولیس چیک پوسٹ کو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

پنجاب میں بھی احتجاج کی فلاپ کال دی گئی، صورتِ حال معمول پر ہے، رانا احسان افضل

کرم پاراچنار کے مسائل ان کو نظر نہیں آرہے، ان کا سارا فوکس بانی پی ٹی آئی کو رہا کرانے پر ہے، کوآرڈی نیٹر وزیر اعظم

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف کے کوآرڈی نیٹر رانا احسان افضل نے کہا ہے کہ پنجاب میں بھی احتجاج کی فلاپ کال دی گئی۔ لاہور میں صورت حال معمول پر ہے، اجتماعی پر کنٹینرز لگائے ہوئے ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ کرم اور پاراچنار کے مسائل ان کو نظر نہیں آرہے، ان کا سارا فوکس بانی پی ٹی آئی کو رہا کرانے پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو جو مشکلات پیش آرہی ہیں اس کی ذمے دار بھی پی ٹی آئی ہے، ہم نے ملک کی صورت حال دیکھتے ہوئے احتیاطی تدابیر بھی لینی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

ملک میں کسی کو انارکی پھیلانے کی اجازت نہیں دیں گے

وزیر اعظم شہباز شریف

پاکستان کے معاشی حالات دن بدن بہتر ہو رہے ہیں۔ اور ہمیں سب اتحادیوں کو ساتھ لے کر چلنا ہو گا

پاکستان کے مفادات اور ترجیحات سے کھیلنے نہیں دیں گے، ملک دشمن عناصر نہیں چاہتے کہ پاکستان ترقی کرے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملک میں کسی کو انارکی پھیلانے کی اجازت نہیں دیں گے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے ہائل ٹاؤن میں رہنماؤں سے ملاقات میں ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر شہباز شریف نے کہا کہ کوئی پاکستان کے مفادات اور ترجیحات سے کھیلنے نہیں دیں گے۔ ملک دشمن عناصر نہیں چاہتے کہ پاکستان ترقی کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے معاشی حالات دن بدن بہتر ہو رہے ہیں۔ اور ہمیں سب اتحادیوں کو ساتھ لے کر چلنا ہو گا۔ اس موقع پر شہباز شریف نے کہا کہ کوئی ملک دشمن عناصر نہیں چاہتے کہ پاکستان ترقی کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے معاشی حالات دن بدن بہتر ہو رہے ہیں۔ اور ہمیں سب اتحادیوں کو ساتھ لے کر چلنا ہو گا۔ شہباز شریف نے ملاقات میں ملک کی کوئی انارکی پھیلانے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5



اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف کے ہائل ٹاؤن میں رہنماؤں سے ملاقات میں

پنجاب کو پہلی بار ویمن پولیس اسٹیشن قائم کرنے کا اعزاز حاصل ہے، مریم نواز شریف

خواتین کی ہنگامی صورتحال میں پینک بٹن سے فوری پولیس ہیلپ حاصل کر سکتی ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے خواتین کے خلاف تشدد کے خاتمہ کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ خواتین میری ریڈ لائن ہیں تشدد یا ظلم قطعاً برداشت نہیں۔ ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کی عزت معاشرتی روایات اور مذہبی اقدار ہیں۔ دین اسلام میں بھی مرتبہ عورت کو اعلیٰ عزت و احترام اور حقوق دینے کے احکامات دیے گئے۔ بیٹیوں اور بہنوں سمیت خواتین کی عزت و احترام نبی کریمؐ کی سنت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

یہ سیاسی احتجاج ہے یا ملک کیخلاف سازش؟ اسحاق ڈار

پی ٹی آئی ایسے وقت احتجاج کیوں کرتی ہے جب اہم بین الاقوامی شخصیات پاکستان آرہی ہوں، ڈار

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ ہمیشہ تحریک انصاف بار بار کیوں ایسے وقت پر احتجاج کی کال دیتی ہے جب اہم بین الاقوامی شخصیات پاکستان آرہی ہوں؟ ایک بیان میں اسحاق ڈار نے سوال اٹھایا کہ یہ سیاسی احتجاج ہے یا ملک کی عزت و وقار کے خلاف سوچی سمجھی سازش ہے۔ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ ہمیشہ تحریک انصاف بار بار کیوں ایسے وقت پر احتجاج کی کال دیتی ہے جب اہم بین الاقوامی شخصیات پاکستان آرہی ہوں؟ ایک بیان میں اسحاق ڈار نے سوال اٹھایا کہ یہ سیاسی احتجاج

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

جی ایچ کیو حملہ کیس: عمران خان سمیت 120 ملزمان پر فرد جرم پھر مؤخر

راستوں کی بندش کے باعث ملزمان کا آج پیش ہونا ممکن نہیں، وکلائی درخواست پر سماعت ملتوی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت میں جی ایچ کیو حملہ کیس میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7



پاکستان اور بیلاروس کے درمیان 8 مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط کیے جا رہے ہیں

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا پنجاب پولیس افسران اور اہلکاروں پر حملے پر شدید ردعمل

پولیس کانسٹیبل پر فائرنگ پر شدید غم و غصے کا اظہار، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی پولیس پوسٹوں پر فائرنگ کی شدید مذمت

پنجاب پولیس کو پہلے بھی تعداد سے بیٹھے کھلنے غیر مسلح رکھا گیا تھا، اب بھی غیر مسلح ہے، احتجاج کی بجائے یہ تحریک مسلح دہشت گردی کی کاوش ہے

ایک صوبے کی پولیس کا دوسرے صوبے پر سرکاری وسائل سے حملہ قومی یکجہتی کو پارہ پارہ کرنے کے مترادف ہے، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پنجاب پولیس افسروں اور اہلکاروں پر حملے پر شدید رد عمل کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کانسٹیبل پر فائرنگ پر شدید غم و غصے کا اظہار بھی کیا ہے۔ انہوں نے پولیس پوسٹوں پر فائرنگ کی شدید مذمت کی ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پی پی، ڈی پی ایس پی، ایس ایچ او سمیت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

اسلام آباد وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اپوزیشن کے احتجاج سے معیشت کو نقصان پہنچ رہا ہے: لیاقت بلوچ

حکومت معیشت کے نقصان پر شور کرنے کے بجائے سیاسی حل تلاش کرنے، بیان جاری

لاہور (این این آئی) جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ کا کہنا ہے کہ اپوزیشن کے احتجاج سے معیشت کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ ایک بیان میں لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت معیشت کے نقصان پر شور کرنے کے بجائے سیاسی

باقی صفحہ 13 بقیہ نمبر 13

لاہور میں حالات معمول پر، بہی سڑکوں سے رکاوٹیں ہٹا دی گئیں

لاہور میں موٹر ویز کے مختلف سیکشنز آج چوتھے روز بھی بند

لاہور (این این آئی) لاہور میں پری سیاست پر ہی خوف ناک ایک گاڑی کے گزرنے کا راستہ بنا دیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا

باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 12

لاہور ہائیکورٹ نے 26 ویں آئینی ترمیم کالعدم قرار دینے کی درخواست نمٹا دی

عدالت نے درخواست گزار کو سپریم کورٹ سے رجوع کرنے کی ہدایت کر دی

لاہور ہائیکورٹ نے 26 ویں آئینی ترمیم کالعدم قرار دینے کی درخواست نمٹا دی۔ لاہور ہائیکورٹ نے 26 ویں آئینی ترمیم کو کالعدم قرار دینے کے مطالبے پر درخواست گزار کو سپریم کورٹ سے رجوع کرنے کی

باقی صفحہ 10 بقیہ نمبر 10

پنجاب میں بھی احتجاج کی فلاپ کال دی گئی، احسان

کرم اور پاراچنار کے مسائل ان کو نظر نہیں آرہے، ان کا سارا فوکس بانی پی ٹی آئی کو رہا کرانے پر ہے، ترجمان

لاہور (این این آئی) کوآرڈینیٹر وزیر اعظم شہباز شریف کے ترجمان رانا احسان افضل نے کہا ہے کہ پنجاب میں بھی احتجاج کی فلاپ کال دی گئی۔ لاہور میں صورت حال معمول پر ہے، اجتماعی سب کچھ معمول کے مطابق ہے، لاہور میں صورت

باقی صفحہ 11 بقیہ نمبر 11

پی پی آئی فلنٹ کا ایٹ کئی پنجاب صرف سے 80 لوگ باہر نکلے عظیٰ بخاری

بانی پی ٹی آئی نے بشریٰ بی بی کی صورت میں ٹرمپ کارڈ پھینکا تھا، وہ ٹرمپ کارڈ گھر کی لڑائی میں ہی شاید کہیں کھو گیا

یہ پتا نہیں کیسی شریعت ہے، عدالت جانا ہو تو وہ کہتی ہیں ناعرم کے ساتھ نہیں جاسکتی لیکن قاتلے میں لشکر کشی کے لئے آرہی ہیں

لاہور (صمیع فیاض) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کی

باقی صفحہ 14 بقیہ نمبر 14



لاہور میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قوم پی ٹی آئی والوں کا اصل چہرہ دیکھ چکی ہیں، سیف الملوک کھوکھر

24 نومبر کو انتشاریوں فسادیوں کو مسترد کر دیا گیا، صدر مسلم لیگ (ن) لاہور

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر ملک سیف الملوک کھوکھر نے کہا ہے کہ ''ڈاہڈا ڈاہڈا'' کی کال دینے والوں نے اپنی

باقی صفحہ 15 بقیہ نمبر 15

لاہور ہائیکورٹ کی آئینی ترمیم کیخلاف درخواست پر سپریم کورٹ رجوع کرنیکی ہدایت

یہ طریقہ کار ظاہر ہے کہ ایک مٹے ہوئے پورے ملک کی عدالتوں میں درخواستیں دائر کر دی جائیں، جسٹس منیب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے 26 ویں آئینی ترمیم کالعدم قرار دینے کی درخواست نمٹا دی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے شہری ندیم احمد کی درخواست پر سماعت کی، درخواست میں وفاقی حکومت سمیت دیگر فریق

باقی صفحہ 17 بقیہ نمبر 17

حیدرآباد میں سی این جی اسٹیشن میں دھماکا، کوئی نقصان نہیں ہوا

حیدرآباد (این این آئی) حیدرآباد میں خوفناک گیس دھماکا ہوا ہے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق دھماکا کاٹی این جی اسٹیشن کے لیکیج گیس سلنڈر میں ہوا۔ ریسکیو ذرائع نے بتایا ہے کہ مذکور سلنڈر دھماکے سے کوئی جانی یا مالی نقصان نہیں ہوا ہے۔

پنجاب کے کئی شہروں میں ایئر کوالٹی کے جدید مانیٹرز کی تنصیب

لاہور سمیت فضائی آلودگی میں سرفہرست شہروں میں 30 ایئر کوالٹی مانیٹرز نصب کر دیئے گئے

ایئر کوالٹی کو جانچنے کے لیے منصوبے کے دوسرے مرحلے میں 25 مزید مانیٹرز لگائے جائیں گے، مریم اورنگزیب

لاہور (خبر نگار) پنجاب میں فضائی آلودگی کو جانچنے کے لیے کئی شہروں میں ایئر کوالٹی کے جدید مانیٹرز

باقی صفحہ 30 بقیہ نمبر 30



ہدایت کرتے ہوئے درخواست نمٹادی۔ لاہور ہائیکورٹ نے 26 ویں آئینی ترمیم کو کالعدم قرار دینے کے مطالبے پر درخواست گزار کو سپریم کورٹ سے رجوع کرنے کی

باقی صفحہ 10 بقیہ نمبر 10

26 ویں آئینی ترمیم کی توثیق کر چکے ہیں، صدر سپریم کورٹ بار

حامد خان کے بیانات وکلاء برداری کے موقف کی عکاسی نہیں کرتے

ترمیم کی توثیق کر چکی ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کچھ دیر پہلے علم ہوا کہ حامد

باقی صفحہ 29 بقیہ نمبر 29

قوم پی ٹی آئی والوں کا اصل چہرہ دیکھ چکی ہیں، سیف الملوک کھوکھر

24 نومبر کو انتشاریوں فسادیوں کو مسترد کر دیا گیا، صدر مسلم لیگ (ن) لاہور

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر ملک سیف الملوک کھوکھر نے کہا ہے کہ ''ڈاہڈا ڈاہڈا'' کی کال دینے والوں نے اپنی

باقی صفحہ 15 بقیہ نمبر 15

علیمہ خان ہمارے ساتھ نہیں ہیں، شوکت یوسفزئی

سیاسی کزر تعداد پر نہیں یقین رکھتا، جوش و جذبے کی بنیاد پر کامیابی حاصل کی جاتی ہے، بیان

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ ہم 9 اسلام آباد رہے ہیں، انہوں نے تو لاہور بھی بند کر دیا

باقی صفحہ 31 بقیہ نمبر 31

حکومت سے مذاکرات اب بھی جاری ہیں، بیرسٹر گوہر کی تصدیق

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے حکومت سے مذاکرات کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس حوالے سے جلد کوئی خبر آئے گی۔ مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف اور بیرسٹر گوہر نے اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی عمران خان سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

بلوچستان میں کمسن طالبعلم کے اغواء کیخلاف پہیہ جام ہڑتال

ہڑتال کی وجہ سے یاردشت، ملک پاس اور کچلاک کے مقامات پر تین انصوبائی شاہراہیں بند

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے کئی علاقوں میں کمسن مغوی طالب علم محمد منصور کی عدم بازیابی کے

باقی صفحہ 23 بقیہ نمبر 23

سولر پینلز کی طلب میں کمی کے باعث بیٹریوں کی قیمتوں میں بڑی کمی آگئی

جو بیٹری 3 تا 4 لاکھ روپے میں فروخت ہو رہی تھی اس کی قیمت اب 2 سے ڈھائی لاکھ روپے ہوگئی

کراچی (این این آئی) ملک میں بیٹریوں اور سولر ریکارڈ کی دیکھی گئی ہے۔ مارکیٹ ذرائع کے

باقی صفحہ 24 بقیہ نمبر 24

پی ٹی آئی نے احتجاج کیلئے جو 3 مقامات منتخب کیے ہیں وہاں پر ہیں، بیرسٹر گوہر

پی ٹی آئی کے چیئرمین نے کہا ہے کہ ہم نے کسی کو نہیں روکا، ہم نے کہا ہے کہ ہم احتجاج کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ہم نے کسی کو نہیں روکا، ہم نے کہا ہے کہ ہم احتجاج کریں گے، ہم

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز



ڈولفن وپی آر یو نے ہفتہ وار کارکردگی رپورٹ جاری کردی

ڈولفن سکواڈ نے 1 پولیس مقابلے سمیت 09 خطرناک ڈکیت گینگز کو پکڑ کر گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن وپی آر یو نے ہفتہ وار کارکردگی رپورٹ جاری کردی، ایس پی ڈولفن شاہ میر خالد کے مطابق ہفتہ وار کارکردگی میں ڈولفن وپی آر یو اسکواڈ نے ڈکٹو و چودری کی وارداتوں میں ملوث 10 ملزمان گرفتار کرکے ملزمان کے قبضے سے 04 موٹر سائیکل، 2 کاریں، 03 موبائل، 14000 نقدی برآمد کرلی، ڈولفن سکواڈ نے 1 پولیس مقابلے سمیت 09 خطرناک ڈکیت گینگز کو بھی گرفتار کرکے ملزمان کے قبضہ سے 17 پستول، 06 رائفلیں، کولیاں و دیگر برآمد کیں اس کے علاوہ دوران پٹرولنگ ڈولفن وپی آر یو نے بذریعہ جاری کارروائیوں 43 اشتہاری سمیت 160 مختلف وارنٹیوں میں مطلوبہ ملزمان گرفتار کئے گئے، 30 بوتلیں شراب، آئس، 80 گرام چرس و حشیش برآمد کیا گیا 19 ون ویلنگ 05 موٹر سائیکل فارنگ، آئس بازی و ویپنگ بازی میں ملوث ملزمان گرفتار کئے گئے جبکہ 201 مشکوک گاڑیاں و موٹر سائیکلیں قوانین کے بند تک 285 اشخاص کے خلاف قانونی کارروائی کی گئی اور کیپٹل پٹرولنگ کے تحت مختلف ایریاز میں 123 سے زائد افراد کو روکا گیا۔

حکومت کی مایوں کن پالیسیوں اور سیاسی جماعتوں کے انتشاری ایجنڈے نے نوجوانوں کو تباہی کی جانب دھکیل دیا ہے: عمار حنیف



لاہور (خبر نگار) مسلم یوتھ لیگ لاہور کے صدر عمار حنیف کی تنظیمی اجلاس سے گفتگو کرتے ہوئے کہا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ سیاسی صورتحال نے ملک اور نوجوانوں کو مزید بحران کی جانب دھکیل دیا ہے، جن میں انارکیزم، نوجوانوں کو مایوسی کی جانب لے جانے والی پالیسیاں اور سیاسی جماعتوں کے انتشاری ایجنڈے نے نوجوانوں کی توانائیوں کو تباہی کی جانب دھکیل دیا ہے۔ سیاسی جماعتوں نے بھٹہ نوجوانوں کو اپنے ایجنڈے کے آگے بڑھانے اور اقتدار کے حصول کے لیے تو استعمال کیا ہے مگر ان کے پاس نوجوانوں کی تعلیم و تربیت، ہنرسازی، تعمیر معاشرہ میں ان کے کردار کی تیاری اور محفوظ روزگار کی فراہمی کے لیے کوئی جامع اور عملی منصوبہ نہیں۔ ان حیالات کا اظہار انہوں نے لاہور میں مسلم یوتھ لیگ کے اجلاس سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ سیاسی جماعتوں نے نوجوانوں کو مزید بحران کی جانب دھکیل دیا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ نوجوانوں کو اس ابہام میں مبتلا رکھا گیا ہے کہ ان کا مستقبل سیاسی جماعتوں کے ہاتھ میں ہے، انہوں نے مزید کہا کہ نوجوانوں کو اپنے مستقبل کے لیے خود متحرک ہونا پڑے گا، انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو اپنے مستقبل کے لیے خود متحرک ہونا پڑے گا، انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو اپنے مستقبل کے لیے خود متحرک ہونا پڑے گا، انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو اپنے مستقبل کے لیے خود متحرک ہونا پڑے گا۔

گورنر پنجاب نشتر یونیورسٹی کی وائس چانسلر سے دباؤ کے تحت حاصل کردہ استعفیٰ منظور نہ کریں، پی ایم اے



پی ایم اے کے ہنما پروفیسر اشرف نظامی، صدر لاہور ڈاکٹر کامران سعید، پروفیسر شاہد ملک، ڈاکٹر افتخار احمد چوہدری، صدر (الیکٹ) پی ایم اے سٹر ڈاکٹر کرام شہزاد ہی، سٹاڈاکٹر واجد علی و دیگر نشتر ہسپتال کے واقع پر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

دنیا اور پاکستان میں خواتین پر تشدد کے خاتمے کا عالمی دن منایا جارہا ہے ہم ایک خاتون چیف منسٹر کے ہاتھوں ایک خاتون وائس چانسلر کی تذلیل کا ماتم کر رہے ہیں، پروفیسر اشرف نظامی

حکومت پنجاب کے میثاق پر فیشنسٹر کے خلاف پے در پے غیر آئینی، غیر قانونی اور غیر اخلاقی اقدامات کے خلاف اور اُن کے حمل کیلئے منواز شریف سے پی ایم اے کا وفد جلد ملاقات کرے گا، پریس کانفرنس

لاہور (خبر نگار) پی ایم اے کے رہنماؤں نے مطالبہ کیا ہے کہ گورنر پنجاب سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ نشتر یونیورسٹی کی وائس چانسلر سے دباؤ کے تحت حاصل کردہ استعفیٰ منظور نہ کریں۔ پی ایم اے لاہور ڈاکٹر کامران سعید، پروفیسر شاہد ملک، ڈاکٹر افتخار احمد چوہدری، صدر (الیکٹ) پی ایم اے سٹر ڈاکٹر کرام شہزادہی، ڈاکٹر واجد علی و دیگر نے پریس کانفرنس کے دوران کہا کہ نشتر یونیورسٹی کالج آف میڈیکل سائنس کی تذلیل کا واقعہ انتہائی افسوسناک ہے۔ 14 جون کو محترمہ چیف منسٹر نے ایک میڈیکل کالج کی فیکلٹی کی تذلیل کی اور 22 نومبر کو نشتر ہسپتال کا دورہ کیا جس کے دوران انہوں نے ہم ایک خاتون وائس چانسلر کی تذلیل کا ماتم کر رہے ہیں، ہم پریس کانفرنس کے ذریعے 22 نومبر کو ملتان میں واقعہ کے خلاف ایک پُرامن احتجاجی ریلی نکالیں گے جس کے 14 جون کے سانحہ میں ملوث چیف منسٹر کے خلاف مقدمہ درج کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں، ہم ایک خاتون چیف منسٹر کے ہاتھوں ایک خاتون وائس چانسلر کی تذلیل کا ماتم کر رہے ہیں، ہم 25 نومبر کو خواتین پر تشدد کے خاتمے کا عالمی دن منا رہا ہے اور ہم ایک خاتون چیف منسٹر کے ہاتھوں ایک خاتون وائس چانسلر کی تذلیل کا ماتم کر رہے ہیں، ہم 22 نومبر کو ملتان کے پریس کانفرنس کے دوران ہم نے واقعہ کے مختلف پہلوؤں کے ساتھ ساتھ ان کے سانحہ رکھنا چاہتے ہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کے 14 جون کے سانحہ میں ملوث چیف منسٹر کے خلاف ایف آئی آر درج کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں، ہم نے ایک جنرل میٹنگ میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا تھا کہ ہم ایک ایسے خاتون کو خراج تحسین پیش کریں گے جو کہ ایک ایسے ادارے کی سربراہ ہیں جو کہ ہمارے ادارے کی ماں کی حیثیت رکھتا ہے، ہم نے ایک ایسی خاتون کو خراج تحسین پیش کرنا تھا

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 26 دسمبر 2024ء

دکھی انسانیت کی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے، پروفیسر ڈاکٹر عیسیٰ محمد

اللہ تعالیٰ کا ایک پاک نام حکیم بھی ہے اور یہی نام بیماروں کا علاج کرنے والے ڈاکٹرز کے لئے بھی ہے اس طرح ڈاکٹرز زمین پر خدا کا نائب ہیں ،کانووکیشن سے خطاب



ساہیوال (مہراے ڈی نسیم پراے) اللہ تعالیٰ کے نزدیک دکھی انسانیت کی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے جس میں دنیا و آخرت دونوں جہانوں کی فلاح ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ایک پاک نام حکیم بھی ہے اور یہی نام بیماروں کا علاج کرنے والے ڈاکٹرز کے لئے بھی ہے اس طرح ڈاکٹرز زمین پر خدا کا نائب ہیں جو لوگوں کو نئی زندگی دیتے ہیں۔نوجوان ڈاکٹرز کو چاہیے کہ وہ خدمت کو اپنا شعار بنائیں تاکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں جو عظمت عطا کی ہے اس پر پورا اتر سکیں۔ یہ بات ساہیوال میڈیکل کالج کے پانچویں کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی پروفیسر ڈاکٹر عیس محمد نے کہی جو جناح ہال میں منعقد ہوا۔اس موقع پر مہمانان اعزاز یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کی پرووائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر نادیہ نسیم، فیصل آباد میڈیکل یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظفر علی چوہدری، کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید، اے ڈی سی جنرل غلام سرور، پرنسپل ساہیوال میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد عمران حسن خان، ایم ایس پروفیسر ڈاکٹر نثار احمد سعیدی، پی ایم اے ساہیوال کے صدر ڈاکٹر سرفراز چوہدری اور ممبران اسمبلی ملک قاسم ندیم، محمد ارشد ملک، پیر ولایت شاہ گھمکہ ،رانا ریاض احمد خان اور فرزانہ عباس ایڈووکیٹ، مختلف شعبہ جات کے سربراہان، فیکلٹی ممبران اور گریجویٹ ہونے والے طلبہ و طالبات کے والدین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کی خاص بات پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر محمد عمران حسن خان کی طرف سے شہر کی تین نامور مخیر شخصیات کو ان کی انسانیت کے لئے خدمات پر خصوصی شیلڈز پیش کرنا تھی جو سابق صوبائی وزیر ملک ندیم کامران کو ساہیوال میڈیکل کالج کے قیام میں شاندار خدمات پر، شیخ محمد یونس مرحوم کو ڈائیلیسیز سنٹر کے قیام پر اور فرشتہ فیملی کو ساہیوال میڈیکل کالج میں گرلز ہاسٹل کی تعمیر اور گورنمنٹ عبدالقیوم ہسپتال اور میٹرنٹی ہسپتال میں ضروری سہولیات فراہم کرنے پر دی گئیں۔ یہ شیلڈز ملک ندیم کامران کے فرزند ممبر صوبائی اسمبلی ملک قاسم ندیم، شیخ محمد یونس مرحوم کی شیلڈ ان کے فرزند شیخ بشارت ندیم اور فرشتہ فیملی کی طرف سے میاں نوید مشتاق فرشتہ نے حاصل کیں۔ کانووکیشن میں ارہا اقبال کو بیسٹ سٹوڈنٹ کا اعزاز دیا گیا جبکہ نظامت کے فرائض ڈاکٹر راؤ ریاض الحق اور ڈاکٹر حنا الیاس نے نبھائے۔ کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر محمد عمران حسن خان نے بتایا کہ 2010 میں اپنے قیام سے لے کر اب تک کالج اور ہسپتال نے نمایاں ترقی کی ہے اور 377 بیڈز کا ہسپتال اب 1150 بیڈز تک پہنچ چکا ہے۔

حافظ آباد: 8 صحافیوں کیخلاف من گھڑت بے بنیاد ایف آئی آر پر حافظ آباد آمد اور صحافیوں سے اظہار یکجہتی

اگر صحافیوں کیخلاف ایف آئی آر خارج نہ کی گئی تو پنجاب اسمبلی کے باہر بھرپور احتجاج کیا جائے گا، مہر حمدی انور دلو



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان میڈیا کونسل رجسٹرڈ کے مرکزی صدر مہر حمید انور دلو کی حافظ آباد کے 8 صحافیوں کیخلاف من گھڑت بے بنیاد ایف آئی آر کے شکار صحافیوں جن میں جاوید اسد شفاقت علی ڈوُ، سید اسرار شاہ، شہباز گل و دیگر موجود صحافی ابوبکر مغل، منور وڑائچ، لیاقت علی ڈوُ و دیگر صحافیوں سے مہر حمید انور دلو نے اظہار یکجہتی کیا، صحافیوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا اگر صحافیوں کیخلاف ایف آئی آر خارج نہ کی گئی تو پنجاب اسمبلی کے باہر بھرپور احتجاج کیا جائے اور حس کا دائرہ پورے پاکستان تک جائے پاکستان میڈیا کونسل رجسٹرڈ ہر سطح پر اپنا احتجاج ریکارڈ کروائے گی صحافی کا کام کو ریج کرنا تھا جو اپنے فرائض کی ادائیگی کے سلسلے میں بروہارہ میں پریس کانفرنس کی کوریج کرنے کے سلسلے میں گئے تھے نہ ہی صحافیوں کسی غیر قانونی سرگرمی ملوث ہیں کسی پولیس کی جانب سے صحافیوں پر جھوٹا بے بنیاد مقدمہ درج کر دیا گیا جو صحافیوں کے ساتھ ظلم و زیادتی ہے میا تحادانوں کی آپس کی جھگڑوں میں صحافیوں کو کیوں گھسیٹا جا رہا ہے، آئی جی پنجاب، آر پی او گوجرانوالہ، ڈی پی او حافظ آباد سے مطالبہ کرتے ہیں کہ صحافیوں پر درج کی ایف آئی آر سے صحافیوں کو نکالا جائے۔

صحافیوں پر جھوٹی ایف آر دینا قابل مذمت ہے، مہر سعید احمد

صحافت ریاست کا چوتھا ستون ہے، جو پاکستان میں جبر کا شکار ہے پاکستان فیڈریشن آف میڈیا اینڈ جرنلسٹ گروپ



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) کمانی و چیئرمین پاکستان فیڈریشن آف میڈیا اینڈ جرنلسٹ گروپ مہر سعید احمد نے کہا ہے کہ پریس کانفرنس کی کوریج کیلئے جانے والے صحافیوں پر جھوٹی ایف آئی آر دینا قابل مذمت ہے۔ پاکستان فیڈریشن آف میڈیا اینڈ جرنلسٹ گروپ صحافیوں پر ہونے والی جھوٹی ایف آئی آر کی پرزور مذمت کرتی ہے اور مطالبہ کرتی ہے کہ اس جھوٹی ایف آئی آر کو خارج کیا جائے۔ اپنے اظہار خیال میں ان کا کہنا تھا کہ صحافت ریاست کا چوتھا ستون ہے، جو پاکستان میں جبر کا شکار ہے۔ صحافیوں پر ائے روز جو جھوٹے مقدمات اس بات کی واضح عکاسی کرتے ہیں کہ کہ میڈیا پر قدغن لگانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ حافظ آباد میں پریس کلب اور جنرل سیکرٹری اور دیگر صحافیوں کے اوپر جھوٹی ایف آئی آر دینا قابل مذمت ہے۔ آئے روز جھوٹی ایف آئی آر شمل وغارت اور صحافیوں کے اوپر تشدد کی روک تھام کے لئے فوری ایکشن لینا چاہیے۔ آئی جی پنجاب وزیر اعلیٰ پنجاب اور وزیر اعظم پاکستان کو اور حافظ آباد میں صحافیوں کے اوپر دی گئی جھوٹی ایف آئی آر کو فل فوری خارج کیا جائے۔

ممبران کی فلاح و بہبود کیلئے کوشاں ہیں۔ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

فرزند سیالکوٹ کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ شمس عمران



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) کنوینر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے فلاح و بہبود کے لیے کوشاں ہیں ممبران کو درپیش مسائل فوری طور پر حل کیے جا رہے ہیں باہمی پیار محبت یگانگت کو وطیرہ بنانا ہے تمام ممبران ایک خاندان کی طرح ہیں ان کی فلاح و بہبود اولین ترجیحات ہیں ہمارا نعرہ وی آر ٹیمیلی ہے ممبران کو تمام تر سہولیات فراہم کرنا کرنے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے مدینہ مرکز شہداء کے روڈ کی تعمیر مکمل ہونے پر اس روڈ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ڈائریکٹران ڈاکٹر محمد منور مرزا، شمس عمران، عظیم بٹ، چوہدری محمد جاوید، سابق صدر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی سجاول علی وسیم، چیئرمین پنجاب کوآپریٹو یونین حسن وسیم اسامہ وسیم ممبران ماڈل ٹاؤن سوسائٹی بھی ان کے ہمراہ تھے جبکہ سابق امیدوار این اے 74 ظفر اقبال بھٹی، غازی عمر بھائی، عبدالمجار محمدی، ڈاکٹر افضل، چوہدری آصف، ڈاکٹر ابراہیم حاجی شہزاد مبشر بھائی کاشف بھٹی، واصف بھٹی، ممبران مدینہ مرکز شہداء نے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ اور ان کی ٹیم کی آمد پر ان کا والہانہ اور پرتپاک استقبال کیا جبکہ خطاب میں ظفر اقبال بھٹی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی خدمات قابل قدر اور قابل تحسین ہیں انہوں نے جتنی خدمت کی ہے اس سے فراموش نہیں کیا جا سکتا ان کی کاوشوں سے ماڈل ٹاؤن سوسائٹی ایک مثالی ٹاؤن بن چکا ہے واصف بھٹی نے استقبالیہ کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ اور ان کی پوری ٹیم کے مشکور ہیں۔

حکومت نے کسانوں کو گندم میں چونا لگانے کے بعد زرعی پیداوار پر 15 فیصد ٹیکس لگا دیا، سید ذوالفقار علی شاہ



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کسان بورڈ چنیوٹ کے ضلعی صدر سید ذوالفقار علی شاہ نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت نے کسانوں کو گندم میں چونا لگانے کے بعد زرعی پیداوار پر 15 فیصد ٹیکس لگا دیا اور اس طرح ایک نئی دہشتگردی کا ارتکاب کیا کسی کسان نمائندہ تنظیم سے کوئی مشورہ نہیں کیا گیا نہ ہی کسی کسان نمائندے سے کوئی مشورہ کیا ائی ایم ایف کا حق فرزندی ادھیں ادا کیا اور اس کی تابعداری میں کسانوں پر بھاری ٹیکس لگا دیا یہ ٹیکس زراعت سے متعلقہ پیداوار مثلاً مویشی فش فارمنگ پولٹری الغرض اب کسانوں کی مرغی جو انڈا دے گی اس پر بھی ٹیکس لگانے کا بل پاس کیا ہے افسوسناک بات یہ ہے کہ کسان پہلے ہی بڑی بڑی فصلوں چاول گنہ گندم تل اور کپاس جیسی فصلوں سے نقصان اٹھا چکا ہے۔

آتشیں اسلحہ سے مسلح ڈاکو گن پوائنٹ پر رکشہ میں سوار افراد سے ہزاروں روپے نقدی اور موبائل فون وغیرہ چھین کر فرار ہو گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) آتشیں اسلحہ سے مسلح ڈاکو گن پوائنٹ پر رکشہ میں سوار افراد سے ہزاروں روپے نقدی اور موبائل فون وغیرہ چھین کر فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواح قصبہ 9 جیڈی کے قریب ناکہ لگا کر کھڑے ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر رکشہ کو روکا اور گن پوائنٹ پر رکشہ میں سوار افراد سے ہزاروں روپے نقدی اور موبائل فون وغیرہ چھین کر فرار ہو گئے۔ پولیس نے کاروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

فیکٹری ورکرز سرکاری اجرت کے برعکس سیلری بارے آگاہ کریں۔ ورکر لیڈر آصف خان



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) فیکٹری ورکرز کو طے کردہ سرکاری اجرت سے کم ادائیگی محنت کشوں کے معاشی قتل کے مترادف ہے۔ پاکستان ورکرز فیڈریشن نارودن پنجاب نے ہمیشہ کارخانوں ،فیکٹریز وغیرہ میں کام کرنے والے ورکرز و محنت کش بہن بھائیوں کے حقوق کی آواز اٹھائی ہے اور ہمیشہ مزدور کیلئے آواز اٹھاتے رہینگے۔ ان باتوں کا اظہار ڈپٹی سیکرٹری پاکستان ورکرز فیڈریشن نارودن پنجاب آصف خان نے ضمیر صحافیوں کیساتھ خصوصی نشست کے دوران کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہوشربا مہنگائی و بھاری بھر کم بجلی گیس پانی کے بلوں اور مہنگے پیٹرول ڈیزل اندھن نے غریب محنت کشوں و مزدوروں کا جینا دوبھر کر رکھا ہے ایسے میں اگر فیکٹری مالکان طے شدہ اجرت سے کم ادائیگی کریں گے تو مزدور کیساتھ اسکے کنبے کا جینا محال اور زندگی بیکار ہو جائیگی۔

الحرمین ڈینٹل کیئر خالد روڈ پر ماہانہ فری ڈینٹل کیمپ اتوار یکم دسمبر کو لگایا جائے گا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) الحرمین ڈینٹل کیئر خالد روڈ پر ماہانہ فری ڈینٹل کیمپ اتوار یکم دسمبر کو لگایا جائے گا جس میں ڈاکٹر رانا عبدالمنیب اکرم، ڈاکٹر منیزہ منیب اکرم اور ڈاکٹر فراز محمود ڈوگر مریضوں کے مفت چیک کر کے فری ادویات فراہم کریں گے کیمپ کا اہتمام آل صدیق ویلفیئر سوسائٹی بھلھی کے عہدیدار کریں گے جبکہ نیو لاہور لیب کی طرف سے شوگر کے مرض کے بھی مفت چیک اپ کئے جائیں گے۔

دی یونیورسٹی آف اپلائیڈ انجینئرنگ اینڈ ایمرجنگ ٹیکنالوجیز (UAEET) کی تعمیر جاری



شہر کی تمام ٹینریز سیالکوٹ ٹینری زون میں منتقل کی جائیں، خواجہ آصف

ڈسکہ روڈ پر جنرل بس اسٹینڈ کی منتقلی کیلئے 22 کروڑ روپے کی لاگت سے زمین ایکوائر کی جائے گی۔ نئے بس اسٹینڈ کے سامنے انڈر پاس بھی تعمیر کیا جائے گا



وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف کی زیر صدارت ڈی سی سیالکوٹ کمیٹی روم میں اہم اجلاس خواجہ محمد آصف وفاقی دفاع کی زیر صدارت سیالکوٹ شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا۔ 30 دسمبر تک شہر کی تمام ٹینریوں کو ہر صورت سیالکوٹ ٹینری زون میں منتقل کیا جائے۔ سیالکوٹ ٹینریوں زون کا منصوبہ 16 سالوں سے التواء کا شکار ہے۔ ٹینری زون کے منصوبے کیلئے 2008 میں حکومت سے قرض دلوایا، 30 دسمبر تک ٹینریوں کی منتقلی کی آخری ڈیٹ ہے، توسیع نہیں ہوگی۔ یکم جنوری تک منصوبہ فنکشنل نہ ہوا تو اس کے ذمہ داروں کے خلاف خود نیب جاؤں گا۔ ضلع کچہری کے تمام دفاتر کو شہر سے باہر منتقل کرنے کے منصوبے پر کام تیز کرنے کی ہدایت۔ جی سی ووویمن یونیورسٹی کو 200 ایکڑ پر محیط ایمن آباد روڈ پر نیو کیمپس پر منتقل کیا جائے گا۔ ضلع کچہری میں خالی ہونے والی جگہوں کو پارک میں تبدیل کیا جائے گا۔ ڈسکہ روڈ پر جنرل بس اسٹینڈ کی منتقلی کیلئے 22 کروڑ روپے کی لاگت سے زمین ایکوائر کی جائے گی۔ نئے بس اسٹینڈ کے سامنے انڈر پاس بھی تعمیر کیا جائے گا۔ میونسپل کارپوریشن کی نگرانی میں شہر کے اہم چوکوں کی ٹریفک سگنلز لگائے جائیں گے۔ شہر کے اہم بازاروں کو ٹریفک فری بنانے اقدامات کئے جائیں۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت پارکنگ پلازہ تعمیر کیا جائے گا۔ تجاوزات کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کیا جائے۔ ٹریفک کی روانی کیلئے روڈ انجینئرنگ کو بہتر بنانے کیلئے انتظامیہ اپنا کردار ادا کرے کشمیر روڈ پر کینٹ اور شہر کے ملانے کیلئے فلائی اوور کی تعمیر کیلئے منصوبے کو حتمی شکل دیں گے۔ خواجہ محمد آصف کا کہنا تھا کہ سیالکوٹ کھاریاں موٹر وے 2025 تک دستیاب ہوگی، لاہور سیالکوٹ موٹر وے کو بھی تھری لین میں اپ گریڈ کیا جائے گا انفارمیشن ٹیکنالوجی کے فروغ کیلئے آئی ٹی پارک تعمیر کیا جائے گا۔ ازجی کو بچانے کیلئے مارکیٹوں کو رات 8 بجے تک بند کرنا ہوگا۔ شہر کی ٹریفک کی روانی کیلئے رنگ روڈ کی تعمیر جلد شروع ہوگی، پسرور روڈ کو ڈسکہ روڈ سے ملایا جائے گا۔ سیف سٹیز پراجیکٹ سے شہر محفوظ ہوا، جلد وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف افتتاح کریں گی۔ ڈپٹی کمشنر کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے وفاقی وزیر دفاع کو سٹی ڈویلپمنٹ پیکج کے بارے میں بریفنگ دی۔

تعلیمی اداروں میں آئے روز ہونے والی چھٹیوں سے سالانہ تدریسی نصاب کی تکمیل ناممکن دکھائی دینے لگی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) تعلیمی اداروں میں آئے روز ہونے والی چھٹیوں سے سالانہ تدریسی نصاب کی تکمیل ناممکن دکھائی دے رہی ہے جس سے طلبہ وطالبات کا تعلیمی مستقبل خطرے میں پڑ گیا ہے جس سے والدین شدید تشویش کا شکار ہیں، شہریوں کے مطابق تعلیمی اداروں میں سال بھر کی طے شدہ چھٹیاں پہلے ہی غیر معمولی ہیں گرمیوں میں اڑھائی ماہ اور سردیوں کے 15 روز کی چھٹیوں کے بعد نصاب کی تکمیل کیلئے طلبہ وطالبات کے پاس 9 ماہ نکتے ہیں جن میں اتوار کی چھٹی کے علاوہ عیدین و مختلف تہواروں کی چھٹیاں نکال دینے جانے پر بمشکل 6 ماہ ہی تدریسی نصاب مکمل کرنے کیلئے میسر ہوتے ہیں مگر ملکی سیاسی صورتحال اور ناگہانی واقعات کے باعث آئے روز ہونے والی چھٹیوں نے اس چھ ماہ کے تدریسی دورانیہ کو بھی مزید کم کر دیا ہے کسی طرح کی ہنگامی صورتحال میں سب سے پہلے تعلیمی ادارے بند کرنے کا اقدام اٹھایا جاتا ہے جس سے نہ صرف طلبہ کے سالانہ نصاب کی تکمیل ناممکن دکھائی دے رہی ہے بلکہ اسکی تعلیمی سرگرمیوں پر توجہ بھی مسلسل کم ہو رہی ہے جو بلاشبہ والدین کیلئے تشویش کا باعث ہے ہمارے ہاں تعلیمی معیار پہلے ہی اطمینان بخش نہیں اوپر سے چھٹیوں کی بھرمار نے بچوں کے تعلیمی سلسلے کو شدید متاثر کر رکھا ہے۔

کنٹینرز لگا کر عوام کیلئے مشکلات پیدا کی جا رہی ہیں، چوہدری عامر فاروق باجوہ

کنٹینرز لگا کر ملک کو نوگو ایریا بنانا حکومت کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) احتجاج جمہوری حق ہے کنٹینرز لگا کر عوام کیلئے مشکلات پیدا کی جا رہی ہیں اتنی سختیوں اور پابندیوں کے باوجود عوام کا نکلنا بتا رہا ہے کہ لوگ اس ظالم حکمرانوں سے تنگ آ چکے ہیں عمران خان کی رہائی تک احتجاج جاری رہے گا کنٹینرز لگا کر ملک کو نوگو ایریا بنانا حکومت کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے رہنما چوہدری عامر فاروق باجوہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی کارکنوں کے حوصلے بلند ہیں ان شاء اللہ فتح کے ساتھ لوٹیں گے حکومت کا خوف سمجھ سے بالاتر ہے جیل میں قید ایک شخص سے خوف کا شکار ہو کر عوام کو اذیت دی جا رہی ہے حکومت کی ناقص پالیسیوں سے اربوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے پی ٹی آئی کے تمام مطالبات جائز ہیں فتح و کامرانی ہمارا مقدر ہوگی۔

کالا خطائی: محفل میلاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انعقاد

صالحین ہمیشہ اللہ کے قرب میں ہوتے ہیں ان کے وسیلے سے آنے والے عذاب کو ٹال دیا جاتا ہے، علماء

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) کالا خطائی گاؤں میں پیر سید محمد علی شاہ چوراہی رحمۃ اللہ علیہ کے عرس مبارک کے موقع پر محفل میلاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انعقاد کیا گیا جس میں پیر سید احمد مصطفین حیدر نقشبندی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صالحین ہمیشہ اللہ کے قرب میں ہوتے ہیں ان کے وسیلے سے آنے والے عذاب کو ٹال دیا جاتا ہے اولیاء اللہ کی نسبت انسان کو اللہ تعالیٰ کے قریب کرتی ہے جس سے وہ معاشرے کی بے راہ روی سے دور ہو کر صالحین کی صفوں میں شامل ہو جاتا ہے اللہ تعالیٰ نے اپنے نیک بندوں کے ذریعے انسانوں کو ہدایت کا راستہ دکھایا جنہوں نے قرآن مجید اور شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے رہنمائی لے کر لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے قریب کیا اور انہیں گمنڈگی سے نکال کر دین کی طرف گامزن کیا قاری عتیق الرحمان نے تلاوت محمد گلفام چشتی نے نقابت اور محمد علی رضوان نے نعت کی سعادت حاصل کی۔

ڈائیز اینڈ کیمیکلز مرچنٹس ایسوسی ایش کی حلف برداری کی تقریب

دیانتداری کسی بھی تنظیم یا ملک کی کامیابی کی بنیاد ہے، محمد اکرم کا خطاب

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) ڈائیز اینڈ کیمیکلز مرچنٹس ایسوسی ایش کی حلف برداری کی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی باؤ محمد اکرم اور الیکشن کمشنر مغیث کھوکھر نے کہا اس وقت پاکستان کی معیشت کو درپیش اہم چیلنجوں ہے یہ مشکلات ہر گزرتے دن کے ساتھ بڑھ رہی ہیں موجودہ ریگولیٹری ماحول انتہائی پیچیدہ ہے جو کاروبار کرنے میں آسانی کو بری طرح متاثر کرتا ہے انہوں نے ایک ایسا سازگار ماحول پیدا کرنے کی ضرورت پر زور ہے جو کاروبار کو خوشحال اور پھلنے پھولنے کی ترغیب دے انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ انصاف اور دیانتداری کسی بھی تنظیم یا ملک کی کامیابی کی بنیاد ہے حکومت کی اعلیٰ ترین سطح پر کیے جانے والے فیصلوں کو شفاف طریقے سے کاروباروں کے لیے مختصر مدت میں ٹھوس فوائد میں تبدیل کرنا چاہیے جو کہ اس وقت پاکستان کے معاشی نظام میں ایک نقص ہے۔ انہوں نے کاروباری شعبے کارپوریٹ سیکٹر، اور تنخواہ دار افراد پر ٹیکس کے بھاری بوجھ سے بھی آگاہ کیا اور ٹیکسیشن کی آسان اور زیادہ موثر پالیسیوں کی ضرورت زور دیا انھوں نے کہا مستحکم پالیسی ماحول کی کمی اور بار بار پالیسی تبدیلیوں نے کاروباری اور صنعتی شعبوں کو نمایاں طور پر نقصان پہنچایا ہے، بہت سی غیر ملکی کمپنیوں نے کاروباری ماحول کی حوصلہ شکنی کی وجہ سے پاکستان چھوڑنے کا انتخاب کیا ہے توانائی کی قیمتوں میں آنفاضہ ملکی برآمدات اور معیشت کیلئے بڑا دھچکا ہے، جس سے صنعتی ترقی براہ راست متاثر ہو رہی ہے ملک کا ہر صنعتکار وایکپورٹر مشکلات کا شکار ہے اصلاحی تدابیر کے بغیر ملک میں معیشت کی بحرانی حالت دور نہیں ہوگی ڈائیز اینڈ کیمیکلز مرچنٹس ایسوسی ایش کے نومنتخب صدر خواجہ محمد آصف سراج نے اپنی کامیابی پر تمام ممبران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ڈائیز اینڈ کیمیکلز مرچنٹس ایسوسی ایش جیسے بڑے ادارے کا صدر منتخب ہونا میرے لئے بڑے اعزاز کی بات ہے ہم اپنے ممبران کے مسائل کے حل انکے تعاون اور رہنمائی سے اس ادارے کو مزید فعال بنائینگے۔

مرکزی جمعیت اہلحدیث تحصیل سمندری کے انتخابات

مولانا بہادر علی سیف امیر سمیت پورا پینل کامیاب ہوگیا، ممبران مجلس شوریٰ کی مبارکباد

سمندری (تحصیل رپورٹر) مرکزی جمعیت اہلحدیث تحصیل سمندری کے انتخابات، مولانا بہادر علی سیف امیر سمیت پورا پینل کامیاب ہوگیا، ممبران مجلس شوریٰ کی مبارکباد، تفصیلات کے مطابق مرکزی جمعیت اہلحدیث تحصیل سمندری کے انتخابی اجلاس جامع مسجد محمدی اہلحدیث 466 روڈ میں منعقد ہوا جس میں علامہ عبد الرشید حجازی امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث صوبہ پنجاب نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، اس موقع پر مرکزی جانب سے نامزد کردہ بگران انتخابات کی نگرانی میں مرکزی جمعیت اہلحدیث تحصیل سمندری کے عہدیداران امیر، ناظم اعلیٰ، ناظم مالیات کے انتخابات کروائینگے جس میں مولانا بہادر علی سیف امیر، ڈاکٹر ایوب صدیقی ناظم اعلیٰ، قاری عبدالخالق بخاری ناظم مالیات بلامقابلہ منتخب ہوئے، اس موقع پر مولانا بہادر علی سیف نومنتخب امیر نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ مرکزی جمعیت اہلحدیث تحصیل سمندری قرآن وسنت کی اشاعت کیلئے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے آئندہ بھی کردار ادا کرینگی، ممبران مجلس شوریٰ مرکزی جمعیت اہلحدیث تحصیل سمندری کی جانب سے نومنتخب ممبران کو مبارکباد پیش کی گئی۔

نان کوالیفائیڈ افراد کی طرف سے چلائے جانے والے میڈیکل کلینکس کے خلاف محکمانہ کارروائی

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ نے میڈیکل سٹوروں اور ان کوالیفائیڈ افراد کی طرف سے چلائے جانے والے میڈیکل کلینکس کے خلاف محکمانہ کارروائی کے 25 کیسز میں قصورواروں کا موقف سنا۔ بورڈ نے مستند جواز پیش نہ کرنے پر 11 کیسز کو ڈرگ کورٹ ریفر کرنے، 11 کو وارننگ دینے کے علاوہ 3 کیسز کو ریکارڈ مکمل نہ کرنے پر مؤخر کر دیا گیا۔ ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کا اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ہیڈ کوارٹرز) قیصر جاوید کی زیر صدارت ڈی سی آفس میں منعقد ہوا سی او ہیلتھ ڈاکٹر اسفند یار سیکرٹری کوالٹی کنٹرول بورڈ روبینہ اختر ممبران کیپٹن (ر) ڈاکٹر صدیق، غلام صابر، ڈرگ کنٹرولر محمد محسن اصغر اور ڈرگ انسپکٹرز موجود تھے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹرز نے کہا کہ ضلع فیصل آباد میں جعلی و غیر معیاری ادویات کی فروخت کے گھناؤنے دھندے کے قلع قمع کے لئے ڈرگ انسپکٹرز اپنی ذمہ داریوں کا ادراک کریں اور علاج کے نام پر انسانی صحت سے کھیلنے والوں سے کوئی رعایت نہیں ہونی چاہیے۔ اجلاس میں سیکرٹری کوالٹی کنٹرول بورڈ نے کیسز کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔

دیپالپور سابقہ دشمنی پر فائرنگ کر کے زمیندار کو قتل کر دیا گیا۔ ملزمان موقع سے فرار ہو گئے

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ) دیپالپور سابقہ دشمنی پر فائرنگ کر کے زمیندار کو قتل کر دیا گیا ملزمان موقع سے فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق چک نمبر 40 تھری ار او کاڑہ کے رہائشی زمیندار ملک اکرام اعہ اپنی زمینوں پر پھیرا مار کر گاؤں واپس آ رہا تھا کہ راستے میں ملزمان اظہر حیات، سرفراز عرف سونی وغیرہ نے اسے فائرنگ کر کے قتل کر دیا اور موقع سے فرار ہو گئے۔ واقعہ کی اطلاع ملنے پر پولیس تھانہ صدر او کاڑہ موقع پر پہنچ گئی ضروری کاروائی کے بعد نعش کو پوسٹ مارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا۔ پولیس نے گرفتاری کا عمل شروع کر دی ہے اور ملزمان کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارنے شروع کر دیئے ہیں۔

حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرے گی، وقار چیمہ/عمران سنی کمبوہ



وزیر آباد (نامہ نگار) مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں حسام وقار چیمہ اور محمد عمران سنی کمبوہ نے کہا ہے کہ حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرے گی اور عوام سے کئے گئے وعدوں کی تکمیل یقینی بنائے گی، معیشت کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنا، مہنگائی سے عوام کو نجات دلانا اور روزگار کے مواقع پیدا کرنا حکومت کی اولین ترجیحات ہیں، جس کیلئے بھرپور اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، زراعت، آئی ٹی، معدنیات اور توانائی کے شعبوں کو خاص طور پر ترقی دی جا رہی ہے۔ میاں محمد نواز شریف کی قیادت میں (ن) لیگ نے ماضی میں بھی نوجوانوں کو تعلیم و ہنر کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے اور اب اس روایت کو آگے بڑھاتے ہوئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی گئی ہے۔ پاکستان میں دوبارہ دہشت گردی میں اضافہ باعث تشویش ہے شہریوں پر گولیاں برسانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

تعلیمی اداروں میں آئے روز ہونے والی چھٹیوں سے سالانہ تدریسی نصاب کی تکمیل ناممکن دکھائی دینے لگی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) تعلیمی اداروں میں آئے روز ہونے والی چھٹیوں سے سالانہ تدریسی نصاب کی تکمیل ناممکن دکھائی دے رہی ہے جس سے طلبہ وطالبات کا تعلیمی مستقبل خطرے میں پڑ گیا ہے جس سے والدین شدید تشویش کا شکار ہیں، شہریوں کے مطابق تعلیمی اداروں میں سال بھر کی طے شدہ چھٹیاں پہلے ہی غیر معمولی ہیں گرمیوں میں اڑھائی ماہ اور سردیوں کے 15 روز کی چھٹیوں کے بعد نصاب کی تکمیل کیلئے طلبہ وطالبات کے پاس 9 ماہ نکتے ہیں جن میں اتوار کی چھٹی کے علاوہ عیدین و مختلف تہواروں کی چھٹیاں نکال دینے جانے پر بمشکل 6 ماہ ہی تدریسی نصاب مکمل کرنے کیلئے میسر ہوتے ہیں مگر ملکی سیاسی صورتحال اور ناگہانی واقعات کے باعث آئے روز ہونے والی چھٹیوں نے اس چھ ماہ کے تدریسی دورانیہ کو بھی مزید کم کر دیا ہے کسی طرح کی ہنگامی صورتحال میں سب سے پہلے تعلیمی ادارے بند کرنے کا اقدام اٹھایا جاتا ہے جس سے نہ صرف طلبہ کے سالانہ نصاب کی تکمیل ناممکن دکھائی دے رہی ہے بلکہ اسکی تعلیمی سرگرمیوں پر توجہ بھی مسلسل کم ہو رہی ہے جو بلاشبہ والدین کیلئے تشویش کا باعث ہے ہمارے ہاں تعلیمی معیار پہلے ہی اطمینان بخش نہیں اوپر سے چھٹیوں

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نویس کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

ضلع کرم: جھڑپوں میں شدت، اموات میں اضافہ

خیبر پختونخوا کا ضلع کرم ان دنوں شدید سے مشکل تر صورتحال کا شکار ہے اور قبائل کے مابین ہونے والی جھڑپوں میں پچھلے چند روز میں شدت آئی ہے۔ حالیہ شدت کا باعث جمعرات کو پاراچنار سے پشاور جانے والی مسافر گاڑیوں پر ہونے والی فائرنگ ہے جس کے نتیجے میں کم از کم 43 افراد ہلاک ہوئے اور 25 سے زائد زخمی ہوئے۔ رواں سال کے دوران کرم کے علاقے میں جاں بحق ہونے والے افراد کی سب سے زیادہ تعداد ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ زیر بیں کرم کے علاقے لاوچ میں مسافر گاڑیوں پر حملہ ہوا۔ ایک اعلیٰ پولیس افسر نے صحافیوں کو بتایا کہ حملہ آور پہاڑوں پر مورچہ بند تھے اور انہوں نے گاڑیوں پر فائرنگ کی گئی۔ ابتدائی طور پر 6 افراد کی ہلاکت کی تصدیق ہوئی تھی جو بعد میں بڑھ کر 43 ہو گئی۔ ہلاک ہونے والوں میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔ زخمیوں کو علاج کے لیے پاراچنار کے ہسپتال منتقل کیا گیا۔ ان حملوں کی ذمہ داری ابھی تک کسی نے قبول نہیں کی۔ ڈپٹی کمشنر کرم کا کہنا ہے کہ حملہ آوروں کی تعداد 200 کے قریب تھی۔ ان حملوں کے بعد ضلع کرم میں امن کے قیام کی کوششوں کو شدید دھچکا لگا ہے۔ ضلع کرم کے مختلف علاقوں میں گزشتہ کئی ماہ سے فرقہ وارانہ بنیادوں پر جھڑپیں جاری ہیں۔ ان جھڑپوں کے نتیجے میں اب تک سینکڑوں افراد جاں بحق اور زخمی ہو چکے ہیں۔ ان جھڑپوں کے نتیجے میں ہزاروں خاندان بے گھر ہوئے ہیں۔ ان کے گھروں کو نذر آتش کیا گیا ہے۔ ان کی املاک کو لوٹا گیا ہے۔ ان کے مویشی چھین لیے گئے ہیں۔ ان کے کھیت اور باغات تباہ کر دیے گئے ہیں۔ ان کے کاروبار برباد کر دیے گئے ہیں۔ ان کے روزگار کے ذرائع ختم کر دیے گئے ہیں۔ ان کے بچوں کے سکول بند کر دیے گئے ہیں۔ ان کے بچوں کے مستقبل کو تاریک کر دیا گیا ہے۔ ان کے بچوں کے ہاتھ سے کتابیں چھین لی گئی ہیں۔ ان کے بچوں کے ہاتھ میں بندوقیں تھما دی گئی ہیں۔ ان کے بچوں کے ہاتھ میں بارود تھما دیا گیا ہے۔ ان کے بچوں کے ہاتھ میں بم تھما دیے گئے ہیں۔ ان کے بچوں کے ہاتھ میں راکٹ تھما دیے گئے ہیں۔ ان کے بچوں کے ہاتھ میں گولیاں تھما دی گئی ہیں۔ ان کے بچوں کے ہاتھ میں خودکار ہتھیار تھما دیے گئے ہیں۔ ان کے بچوں کے ہاتھ میں دستی بم تھما دیے گئے ہیں۔ ان کے بچوں کے ہاتھ میں راکٹ لانچر تھما دیے گئے ہیں۔ ان کے بچوں کے ہاتھ میں مارٹر گولے تھما دیے گئے ہیں۔ ان کے بچوں کے ہاتھ میں ٹینک شکن گولے تھما دیے گئے ہیں۔ ان کے بچوں کے ہاتھ میں توپ کے گولے تھما دیے گئے ہیں۔ ان کے بچوں کے ہاتھ میں میزائل تھما دیے گئے ہیں۔ ان کے بچوں کے ہاتھ میں ہینڈ گرنیڈ





چیمپئنز ٹرافی کراچی سے لاہور پہنچا دی گئی

تین روز کراچی کے مختلف مقامات پر دورے کے بعد شہر میں ٹرافی کا ٹور مکمل ہو گیا تھا۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کی یہ ٹرافی شیڈول سے 2 روز قبل بدھ کو ہی کراچی پہنچا دی گئی

لاہور (شہروز میاں سے) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) چیمپئنز ٹرافی کراچی سے لاہور پہنچا دی گئی۔ چیمپئنز ٹرافی کو اگلے مرحلے میں افغانستان لے جایا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق لاہور میں ٹرافی ٹور سے متعلق شیڈول فائنل نہیں ہوا ہے۔ چیمپئنز ٹرافی کو لاہور میں پی سی بی ہیڈ کوارٹر پہنچا دیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) چیمپئنز ٹرافی کی چمچماتی ٹرافی کو جمعے کے روز کراچی کے مختلف مقامات پر لے جایا گیا تھا۔ 3 روز کراچی کے مختلف مقامات پر دورے کے بعد شہر میں ٹرافی کا ٹور مکمل ہو گیا تھا۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کی یہ ٹرافی شیڈول سے 2 روز قبل بدھ کو ہی کراچی پہنچا دی گئی تھی۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) چیمپئنز ٹرافی کراچی سے لاہور پہنچا دی گئی۔ چیمپئنز ٹرافی کو اگلے مرحلے میں افغانستان لے جایا جائے گا

پاکستانی کپتان شان مسعود لندن ایئرپورٹ پر پھنس گئے، انتظامیہ کے سلوک پر مایوسی کا اظہار



لندن (سپورٹس ڈیسک) قومی ٹیسٹ ٹیم کے کپتان شان مسعود لندن کے گیٹ وک ایئرپورٹ پر پھنس گئے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری پیغام میں شان مسعود کا کہنا تھا کہ وہ گزشتہ 12 سے زائد گھنٹوں سے لندن کے گیٹ وک ایئرپورٹ پر پھنسے رہے۔ شان مسعود نے مزید کہا کہ میں سکیورٹی مسائل سے واقف ہوں لیکن گیٹ وک ایئرپورٹ اور برٹش ایئرویز کا رویہ مایوس کن ہے جب کہ میں اپنے سامان کی چیکنگ یا اپنے سفر کو دوبارہ ترتیب نہیں دے سکتا۔ واضح رہے کہ کپتان شان مسعود کا گلوبل سپر لیگ ٹی ٹوئنٹی کیلئے ہیمپشائر کرکٹ سے معاہدہ طے پا چکا ہے۔

چیمپئنز ٹرافی کیلئے منگل کو کوئی آئی سی سی کا کوئی ہنگامی اجلاس نہیں آئی سی سی

لندن (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کی منگل کو چیمپئنز ٹرافی کے معاملے پر ہنگامی بورڈ میٹنگ شیڈول نہیں ہے۔ آئی سی سی ذرائع نے بھارتی میڈیا کی خبروں کی تردید کر دی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ چیمپئنز ٹرافی کے شیڈول، ہائبرڈ ماڈل اور بھارتی انکار کے معاملات پر کوئی میٹنگ اب تک طے نہیں ہے۔ بھارتی میڈیا نے کچھ روز قبل 26 نومبر کو آئی سی سی کی ہنگامی بورڈ میٹنگ کی خبر نشر کی تھی۔ بھارتی میڈیا کا کہنا تھا کہ میٹنگ میں بھارت اور پاکستان کرکٹ بورڈ کے ممبران شریک ہوں گے، اس دوران چیمپئنز ٹرافی کے مستقبل کا فیصلہ کیا جائے گا۔ پی سی بی پہلے ہی ایسی کسی میٹنگ سے لاعلمی ظاہر کر چکا تھا۔

پاکستان کو اس سیریز سے سپر سٹارز ملیں گے، محمد رضوان



جوہانسبرگ (سپورٹس ڈیسک) قومی ٹیم کے کپتان محمد رضوان نے کہا ہے کہ زمبابوے کیخلاف اپنی بہترین کارکردگی دکھانے کی کوشش کرینگے، پاکستان ٹیم نوجوان پر مشتمل ہے، جو ایک چیلنج ہے۔ قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان محمد رضوان نے زمبابوے کے خلاف سیریز سے قبل پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ زمبابوے کیخلاف ون ڈے سیریز ہمارے لیے اہم ہے، ہمارا مقصد اپنی بینچ سٹرینتھ کو جانچنا ہے، ہم آسٹریلیا کے خلاف جیت کا تسلسل جاری رکھنا چاہتے ہیں۔ محمد رضوان کا کہنا تھا کہ زمبابوے کیخلاف اپنی بہترین کارکردگی دکھانے کی کوشش کرینگے، پاکستان ٹیم نوجوان پر مشتمل ہے، جو ایک چیلنج ہے، پاکستان کو اس سیریز سے سپر سٹارز ملیں گے، چیمپئنز ٹرافی کے لیے کمبی نیشن بنانے کی کوشش کر رہے ہیں، جب آپ ملک سے باہر کھیلتے ہیں تو پچ اور کنڈیشنز کا پتہ نہیں ہوتا۔ کپتان محمد رضوان نے کہا کہ بطور پروفیشنل آپ کو تمام چیلنجز کے لیے تیار رہنا ہوتا ہے، عاقب جاوید ایک عرصے سے کوچنگ کر رہے ہیں، عاقب جاوید کے پاس 92 ورلڈ کپ کا تجربہ ہے۔

،عاقب جاوید کی کوچنگ سے ٹیم کو بہت فائدہ

پاکستان شاہینز اور سری لنکا اے کے درمیان پہلے ون ڈے کا وینیو تبدیل

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان شاہینز اور سری لنکا اے کے درمیان پہلے ون ڈے کا وینیو تبدیل کر دیا گیا۔ پاکستان شاہینز بمقابلہ سری لنکا اے پہلا ون ڈے 25 نومبر کو راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم کے بجائے اسلام آباد کلب اسلام آباد میں کھیلا جائے گا۔ یہ فیصلہ سری لنکا کرکٹ سے مشاورت کے بعد کیا گیا، دونوں ٹیموں کے درمیان بقیہ دونوں ون ڈے میچز 27 اور 29 نومبر کو پہلے سے طے شدہ وینیو پر کھیلے جائیں گے۔

"میں بھی تمہیں تیز بولنگ کروں گا" ہرشت رانا کو باؤنسر پر اسٹارک کی وارننگ

پرتھ (این این آئی) آسٹریلوی فاسٹ بولر مچل اسٹارک نے باؤنسر کروانے پر ہرشت رانا کو خبردار کر دیا۔ پرتھ ٹیسٹ میں آسٹریلیا کی اننگ کے دوران ہرشت رانا نے جب مچل اسٹارک کو باؤنسر کروائی تو انہوں نے کہا کہ میں آپ سے زیادہ تیز بولنگ کروں گا میری یادداشت بہت اچھی ہے۔ اسٹارک کی باتوں پر ہرشت رانا نے کوئی جواب نہ دیا اور بس مسکرا دیے۔ کچھ اوورز کے بعد ہرشت رانا نے ایک اور باؤنسر کروائی جو سیدھی مچل اسٹارک پر ہیلمٹ پر جا لگی پھر رانا نے فوراً ان سے خیریت دریافت کی۔ واضح رہے کہ جسپریت بمراہ نے شاندار بولنگ کرتے ہوئے پانچ وکٹیں حاصل کیں۔ اور آسٹریلیا کی اننگز کے خاتمے میں اہم کردار ادا

تلک ورما نے ٹی 20 کرکٹ میں عالمی ریکارڈ بنا دیا



نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے نوجوان بیٹر تلک ورما نے ٹی 20 میں نئی تاریخ رقم کرتے ہوئے عالمی ریکارڈ بنا دیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق سید مشتاق علی ٹرافی 2024 میں تلک ورما نے تاریخ رقم کی اور وہ دنیا کے پہلے بیٹر بن گئے ہیں جس نے تین ٹی 20 میچ میں لگاتار سنچریاں اسکور کی ہیں۔ انہوں نے جنوبی افریقہ کے خلاف آخری دو میچز میں سنچریاں اسکور کیں۔ پھر انہوں نے سید مشتاق علی ٹرافی میں ایک اور سنچری اسکور کر کے تاریخ رقم کر دی، بائیں ہاتھ کے بیٹر نے جنوبی افریقہ کیخلاف 107 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی تھی۔ تلک ورما نے سیریز کے چوتھے میچ میں 120 رنز کی اننگز حیدرآباد اور میگھالیا کے درمیان میچ میں کھیلی۔ ممبئی کے بیٹر نے 67 گیندوں پر 151 رنز بنائے اور ان کی اننگ میں 14 چوکے اور 10 بلند و بالا چھکے شامل تھے جبکہ اسٹرائیک ریٹ 225.37 تھا۔ تلک ورما کی یہ اننگز ان کی ٹی 20 میں کامیابی کا ثبوت ہیں جبکہ انہوں نے ٹی 20 میں ہم وطن بیٹر شریاس ایئر کا ریکارڈ بھی توڑ دیا ہے۔ واضح رہے کہ تلک ورما کو آئی پی ایل میں ممبئی انڈینز نے ریٹین کیا ہے، ممبئی انڈینز کے ریٹین کھلاڑیوں میں جسپریت بمراہ، ہاردک پانڈیا، سوریا کمار یادیو، روہت شرما اور تلک ورما شامل ہیں۔

یشسوی جیسوال نے برینڈن میکولم کا ریکارڈ توڑ دیا



پرتھ (این این آئی) بھارت کے اوپنر بیٹر یشسوی جیسوال نے آسٹریلیا کیخلاف ٹیسٹ میں سابق کیوی کپتان برینڈن میکولم کا ریکارڈ توڑ دیا۔ پرتھ ٹیسٹ میں بھارتی ٹیم پہلی اننگز میں 150 رنز بنا کر ڈھیر ہوئی جس کے بعد کینگروز کی بیٹنگ لائن بھی ریت کی دیوار ثابت ہوئی اور صرف 104 رنز پر آل آؤٹ ہو گئی۔ بھارت نے اپنی دوسری اننگز میں کھیل کے اختتام پر بغیر کسی نقصان کے 172 رنز بنا لیے ہیں، یشسوی جیسوال 90 اور کے ایل راہول 62 رنز کے ساتھ ناٹ آؤٹ ہیں۔ بھارت نے آسٹریلیا کے خلاف 218 رنز کی برتری حاصل کر لی ہے۔ یشسوی جیسوال نے 90 رنز کی ناٹ آؤٹ اننگز میں دو چھکے لگائے وہ آسٹریلیا میں اپنی پہلی سنچری اسکور کرنے کی جانب گامزن ہیں۔

چین کے ژی یوان گو نے پاکستان پی پی ایل سید دلاور عباس ورلڈ جونیئر ٹینس چیمپئن شپ لیگ ٹو جیت لی

گرلز سنگلز کا ٹائٹل سری لنکا کی دینارا ڈی سلوا نے اپنے نام کیا' قزاخستان کی کیرولینا لیگائی کو 3-6 اور 4-6 سے ہرایا

اسلام آباد (این این آئی) چین کے ژی یوان گو نے پاکستان پی پی ایل سید دلاور عباس ورلڈ جونیئر ٹینس چیمپئن شپ لیگ ٹو جیت لی جبکہ گرلز سنگلز کا ٹائٹل سری لنکا کی دینارا ڈی سلوا نے اپنے نام کیا۔ گزشتہ روز کھیلے گئے بوائز سنگلز کے فائنل میں چین کے ژی یوان گو نے کوریا کے سیون جی کو 7-6(3)6,-2 سے ہرا کر بوائز ٹائٹل اپنے نام کیا۔ گرلز سنگلز کے فائنل میں سری لنکا کی دینارا ڈی سلوا نے قزاخستان کی کیرولینا لیگائی کو 3-6 اور 4-6 سے ہرا کر گرلز کا ٹائٹل اپنے نام کیا۔ پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ کے زیر اہتمام آئی ٹی ایف پاکستان پی پی ایل سید دلاور عباس ورلڈ جونیئر ٹینس چیمپئن شپ لیگ ٹو پاکستان ٹینس فیڈریشن (پی ٹی ایف) ٹینس کمپلیکس اسلام آباد میں اختتام پذیر ہو گئی۔ ایونٹ میں دنیا بھر سے 80 جونیئرز کھلاڑیوں نے شرکت کی۔ جن میں پاکستان، جاپان، چین، تھائی لینڈ، سری لنکا، کینیڈا، کوریا، جرمنی، قزاخستان، مالدیپ، سنگاپور، امریکہ، بیلاروس اور روس کی نمائندگی کرنے والے 50 لڑکے اور 30 لڑکیاں شامل تھے۔ طارق محمود مرتضیٰ چیئرمین اسلام آباد ٹینس ایسوسی ایشن اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ جی علی نون پی پی ایل مہمان اعزاز تھے۔ کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے اعصام الحق قریشی صدر پی ٹی ایف اور کرنل ضیاء الدین طفیل سیکرٹری جنرل پی ٹی ایف بھی اختتامی تقریب میں موجود تھے اور انعامات تقسیم کئے۔ اختتامی تقریب میں ایڈووکیٹ ماجد بشیر صدر آئی ٹی اے، طفیل چیمہ سیکرٹری آئی ٹی اے، کھلاڑیوں، کوچز اور والدین کی بڑی تعداد نے بھی شرکت کی۔

راولپنڈی 7 سے 25 دسمبر تک چیمپئنز ٹی ٹوئنٹی کپ کی میزبانی کرے گا

پانچ ٹیمیں اے بی ایل اسٹالینز، اینگرو ڈولفنز، لیک سٹی پینتھرز، نور پور لائنز، اور یو ایم ٹی مارخورز ٹائٹل کے لیے مدمقابل ہونگی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان کرکٹ بورڈ نے اعلان کیا ہے کہ بحریہ ٹاؤن چیمپئنز ٹی ٹوئنٹی کپ 7 سے 25 دسمبر تک راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں منعقد ہوگا۔ پانچ ٹیمیں اے بی ایل اسٹالینز، اینگرو ڈولفنز، لیک سٹی پینتھرز، نور پور لائنز، اور یو ایم ٹی مارخورز ٹائٹل کے لیے مدمقابل ہونگی۔ ستمبر میں فیصل آباد میں منعقدہ 50 اوورز کے ٹورنامنٹ کی شاندار کامیابی کے بعد چیمپئنز کپ سیریز کا یہ دوسرا ایونٹ ہے۔ 50 اوور ایونٹ میں لیک سٹی پینتھرز نے یو ایم ٹی مارخورز کو فائنل میں شکست دی تھی۔ کرکٹ کے شائقین نے اقبال اسٹیڈیم میں 14 میچوں کے اس ایونٹ میں بھرپور دلچسپی کا مظاہرہ کیا تھا۔ اس رفتار کو آگے بڑھانے کے لیے پی سی بی نے راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں چیمپئنز ٹی 20 کپ کا اسٹریٹجک طور پر شیڈول کیا ہے جس میں 19 دنوں کے دوران 22 میچز ہوں گے، جن میں چھ ڈبل ہیڈرز اور آٹھ سنگل ہیڈرز شامل ہیں۔ ڈبل ہیڈر میچز صبح 11 بجے اور دوپہر 30.3 بجے شروع ہوں گے جبکہ سنگل ہیڈر والے میچ دوپہر 12 بجے مقرر کیے گئے ہیں۔ مقابلے کی شدت کو بڑھانے کے لیے ایک دلچسپ فارمیٹ متعارف کرایا گیا ہے۔ ڈبل لیگ مرحلے کے بعد ٹیبل کی ٹاپ ٹیم براہ راست فائنل میں پہنچے گی، جبکہ دوسرے اور تیسرے نمبر پر آنے والی ٹیمیں 23 دسمبر کو سہ پہر 30.3 بجے کوالیفائر میں آمنے سامنے ہوں گی۔ فائنل 25 دسمبر کو سہ پہر 30.3 بجے شیڈول ہے۔ ٹورنامنٹ کا شیڈول ٹیم کے مینٹورز کی مشاورت سے تیار کیا گیا ہے، جس میں تماشائیوں کی مصروفیت اور موسم کے تحفظات دونوں کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ یہ شائقین کو 10 سے 22 دسمبر تک جنوبی افریقہ میں ان کی ٹی ٹوئنٹی اور ون ڈے سیریز کے دوران پاکستان کرکٹ ٹیم کی طرف توجہ مرکوز رکھنے کی بھی اجازت دیتا ہے۔



گلوکارہ عینی طاہرہ نے تین نئے گانے لانچ کر دیئے



لاہور (این این آئی) اداکارہ و گلوکارہ عینی طاہرہ نے اپنے تین نئے گانے لانچ کر دیئے جبکہ گلوکارہ تین فوک گانوں کی تیاری میں بھی مصروف ہیں۔ عینی طاہرہ نے بتایا کہ ڈیڑھ سال کے وقفے کے بعد تین نئے گانے لانچ کئے ہیں جنہیں سننے والے بے حد پسند کر رہے ہیں، گانوں کی کامیابی سے میرا حوصلہ بڑھا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ تین فوک گانوں کی تیاری پر بھی کام جاری ہے جنہیں جلد مکمل کر کے ریلیز کر دیا جائے گا۔ عینی طاہرہ نے بتایا کہ میں بطور برانڈ ایمبیسیڈر نزوا انٹرنیشنل ملک بھر میں شوز بھی کر رہی ہوں۔

پاکستان کی ٹیم اچھی کارکردگی کے بعد تسلسل برقرار نہیں رکھ پاتی' کامران اکمل



لاہور (این این آئی) سابق ٹیسٹ کرکٹر کامران اکمل نے قومی ٹیم کی حالیہ کارکردگی پر اپنا تجزیہ پیش کرتے ہوئے ٹیم میں خامیوں کی نشاندہی کر دی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دنیا کی کوئی بھی ٹیم اپنی اچھی کارکردگی کے بعد اس کا تسلسل برقرار رکھتی ہے، لیکن پاکستان کی ٹیم اچھی کارکردگی کے بعد تسلسل برقرار نہیں رکھ پاتی۔ کامران اکمل نے کہا کہ مجھے لگ رہا ہے کہ آج آسٹریلیا کی ٹیم رو رہی ہوگی کہ ہم اس ٹیم سے ہار گئے، ہم جیتنے کے بعد ایک دم نیچے آجاتے ہیں، مائنڈ سیٹ ٹیم سے دور نہیں ہوا۔ قومی ٹیم کے سابق کھلاڑی کا کہنا تھا کہ آج ٹیم جس طرح کھیلی ہے اسے سنجیدگی دکھانا ہوگی، ٹاس جیت کر بیٹنگ کیوں کی گئی یہ میری سمجھ سے بالاتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ گیم اویئرنس نہ ہمیں سمجھ آرہی تھی نہ انہیں، صرف فارمیلٹی پوری کر رہے ہیں، صرف باری لے رہے ہیں، اسکور بورڈ دیکھ نہیں رہے، سنجیدگی بالکل نہیں ہے۔ ایک سوال کے جواب میں کامران اکمل کا کہنا تھا کہ ہمارے کھلاڑی ڈری ڈری کرکٹ کھیل رہے ہیں، ایسا لگ رہا تھا کہ زمبابوے کے آگے اسکول کے لڑکے کھیل رہے ہیں، اس چیز کے پیچھے نہ چھپیں کہ ہمارا وہ کھلاڑی نہیں تھا۔ سابق ٹیسٹ کرکٹر کامران اکمل نے قومی ٹیم کی حالیہ کارکردگی پر اپنا تجزیہ پیش کرتے ہوئے ٹیم میں خامیوں کی نشاندہی کر دی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دنیا کی کوئی بھی ٹیم اپنی اچھی کارکردگی کے بعد اس کا تسلسل برقرار رکھتی ہے، لیکن پاکستان کی ٹیم اچھی کارکردگی کے بعد تسلسل برقرار نہیں رکھ پاتی۔ کامران اکمل نے کہا کہ مجھے لگ رہا ہے کہ آج آسٹریلیا کی ٹیم رو رہی ہوگی کہ ہم اس ٹیم سے ہار گئے۔

بہتری کے لئے اسٹیج کو حکومتی سطح پر تسلیم کر کے بجٹ مختص ہونا چاہیے' آصف راہی

لاہور (این این آئی) نامور اسٹیج ڈرامہ پروڈیوسر آصف علی راہی نے کہا ہے کہ فنون لطیفہ کے فروغ کیلئے حکومت کو اعلانات سے آگے بڑھ کر عملی اقدامات کرنا ہوں گے، اسٹیج کے لئے صرف قواعد و ضوابط بنا دینا کافی نہیں بلکہ اس کو حکومتی سطح پر تسلیم کر کے اس کیلئے بجٹ بھی مختص کرنا چاہیے تاکہ اس کی بہتری ہو سکے۔ ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے آصف علی راہی نے کہا کہ میں اور میرے کئی ساتھی گزشتہ کئی سالوں سے اسٹیج ڈرامے پر سرمایہ کاری کر رہے ہیں لیکن اس کے بدلے حکومتی سطح پر کوئی پذیرائی حاصل نہیں۔ اسٹیج سے صرف فنکاروں کا روزگار وابستہ نہیں بلکہ ایک ڈرامے کو پیش کرنے کے لئے دیگر کئی شعبے بھی کام کر رہے ہوتے ہیں۔ جن سے درجنوں کی تعداد میں لوگ شریک ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت فلم انڈسٹری کیلئے ٹیکسز میں چھوٹ دے کر اور دیگر مدوں میں مراعات کا اعلان کرتی ہے، اسی طرح ٹی وی ڈرامے کیلئے پرائیویٹ سیکٹر اپنے کمرشل دیتا ہے جبکہ اسٹیج ڈرامہ اپنی مدد آپ کے تحت چل رہا ہے۔

رائٹر، ڈائریکٹر سلیم مراد کی پشتو فلم "رقیب" نے نمائش کیساتھ ہی کامیابی کے جھنڈے گاڑھ دیئے

لاہور (این این آئی) نامور رائٹر و ڈائریکٹر سلیم مراد کی پشتو فلم "رقیب" نے نمائش کے ساتھ ہی کامیابی کے جھنڈے گاڑھ دیئے۔ فلم کو جمعہ کے روز ناز سینما پشاور، ں سوات سینما مینگورہ اور کراچی میں نمائش کے لئے پیش کیا گیا۔ دو روز میں فلم نے ریکارڈ بزنس کر کے بھرپور کامیابی کی نوید سنا دی ہے۔ فلم کی کاسٹ میں فیروزہ علی، ارباز خان، دیاجٹ، جہانگیر جانی، ام چوہدری اور آصف خان سمیت دیگر شامل ہیں۔ فلم کے رائٹر و ڈائریکٹر سلیم مراد، پروڈیوسر ایوب میر پوری اور نعمان سلیم ہیں۔ سلیم مراد نے فلم کی کامیابی پر انتہائی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی بھی فلم کی اصل بنیاد اس کا اسکرپٹ ہوتا ہے جس پر بے پناہ محنت کی گئی۔ تمام فنکاروں نے اپنے کردار لگن سے نبھائے جس کا نتیجہ کامیابی کی صورت میں سامنے آیا ہے۔

اداکار و رائٹر نسیم وکی کے لکھے ہوئے اسٹیج ڈرامہ "ڈاکٹر، ڈاکو اور ڈانسر نے دھوم مچا دی

لاہور (این این آئی) شالیمار تھیٹر میں پیش کئے جانے والے اداکار و رائٹر نسیم وکی کے لکھے ہوئے اسٹیج ڈرامہ "ڈاکٹر، ڈاکو اور ڈانسر نے دھوم مچا دی۔ نسیم وکی ڈرامے میں خود بھی کردار ادا کر رہے ہیں جبکہ دیگر کاسٹ میں اداکارہ سنبل خان، توقیر زیدی، حامد رنگیلا، نایاب خان، کنول، فلک، افشاں خان، نایاب خان، ارشد بھٹی، اسد مکھڑا، فہاد اعوان سمیت دیگر شامل ہیں۔ نسیم وکی اور حامد رنگیلا نے اپنے چٹکلوں اور اداکارہ سنبل خان نے خوبصورت رقص پر فارمنس سے ڈرامہ بینوں کو اپنے سحر میں جکڑ لیا۔

اداکارہ زویا چوہدری نے دلکش پرفارمنس سے ڈرامہ بینوں کو اپنا دیوانہ بنا لیا



شیخوپورہ (این این آئی) شیخوپورہ کے نگینہ تھیٹر میں زیر نمائش اسٹیج ڈرامہ میں اداکارہ زویا چوہدری نے دلکش پرفارمنس سے ڈرامہ بینوں کو اپنا دیوانہ بنا لیا۔ اداکارہ نگینہ تھیٹر میں زیر نمائش اسٹیج ڈرامہ "لوٹ آئی بہار" میں کام کر رہی ہیں۔ اداکارہ کو شاندار رقص پر فارمنس پر ڈرامہ بینوں نے اپنی نشستوں سے کھڑے ہو کر بھرپور داد دی۔ ڈرامے کی دیگر کاسٹ میں سدرہ نور، نینا خان، مشی خان، ستارہ شہزادی، ماہی خان، جبار جانی، ناصر مستانہ، فانا رنگیلا، بھولا برانڈ شامل ہیں۔

مہک ملک نے پشتو فلموں میں کام کرنے سے انکار کر دیا



لاہور (این این آئی) اداکارہ مہک ملک نے پشتو فلموں میں کام کرنے سے انکار کر دیا۔ اسٹیج کی معروف اداکارہ مہک ملک کو خیبر پختونخواہ سے تعلق رکھنے والے ایک فلم پروڈیوسر نے اپنی نئی پشتو فلم میں کاسٹ کرنے کی پیشکش کی ہے تاہم اداکارہ نے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ پشتو فلمیں میرے مزاج کے خلاف ہیں۔ میں فی الوقت اسٹیج کی دنیا میں خوش ہوں اور اسٹیج کی حد تک ہی محدود رہنا چاہتی ہوں۔ اداکارہ مہک ملک نے کہا کہ اگر سید نور جیسے کسی ڈائریکٹر کی طرف سے اردو یا پنجابی فلم کی پیشکش ہوئی تو میں ضرور کام کرنا پسند کروں گی۔ اداکارہ مہک ملک نے پشتو فلموں میں کام کرنے سے انکار کر دیا۔ اسٹیج کی معروف اداکارہ مہک ملک کو خیبر پختونخواہ سے تعلق رکھنے والے ایک فلم پروڈیوسر نے اپنی نئی پشتو فلم میں کاسٹ کرنے کی پیشکش کی ہے تاہم اداکارہ نے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ پشتو فلمیں میرے مزاج کے خلاف ہیں۔ میں فی الوقت اسٹیج کی دنیا میں خوش ہوں اور اسٹیج کی حد تک



مجھے میک اپ کرنے کا بہت زیادہ شوق ہے، اداکارہ ربیکا خان

لاہور (این این آئی) شوبز انڈسٹری سے تعلق رکھنے والی اداکاراؤں کیلئے ان کی شخصیت اور خوبصورتی سب سے زیادہ اہمیت کی حامل ہوتی ہے جسے وہ ہر صورت برقرار رکھنا چاہتی ہیں۔ پاکستان شوبز کی معروف اداکارہ اور ٹک ٹاکر ربیکا خان جو مشہور کامیڈین کاشف خان کی صاحبزادی ہیں نے نجی ٹی وی کے پروگرام میں شرکت کی۔ پروگرام کی میزبان نے ان کی خوبصورتی اور چہرے کی چمک و جاذبیت سے متعلق راز جاننے کی کوشش کی۔ جس کے جواب میں یوٹیوبر ربیکا خان نے اپنے چہرے کی خوبصورتی اور چمک کا راز بتا دیا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے میک اپ کرنے کا بہت زیادہ شوق ہے اور میرے مداح بھی چاہتے ہیں کہ میں ان کو بتاؤں کہ میں کس طرح کا میک اپ کرتی ہوں یا کون سی پراڈکٹ استعمال کرتی ہوں۔ ربیکا نے کہا کہ آج کے پروگرام میں میں اپنے اس راز سے پردہ ہٹا دوں گی، تاکہ ناظرین بھی اس حقیقت کو جان لیں۔ ان کا کہنا تھا کہ میں روزانہ سونے سے پہلے یا میک اپ اتارنے کے بعد سن بلاک ضرور لگاتی ہوں اور یہی میری خوبصورتی کا راز ہے۔ یاد رہے کہ چہرے کی جلد کو سورج کی تپش سے جھلسنے سے بچانے کا واحد حل سن بلاک ہے جس کا مشورہ دنیا بھر کے ڈرماٹولوجسٹ دیتے ہیں۔ نوٹ: اگر آپ کا چہرہ سورج کی تپش کی وجہ سے زیادہ متاثرہ ہوتا ہے تو کوئی بھی پروڈکٹ استعمال کرنے سے پہلے اپنے معالج سے ضرور مشورہ کریں۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

فریدٹاؤن میں 24انچ قطر کی سیوریج پائپ ڈالنے کا کام تیزی سے جاری

27انچ اور 30انچ قطر کے پائپ ڈالنے کا کام مکمل کیا جا چکا



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پراسے) پمپ پروگرام کے تحت فریدٹاؤن میں 24انچ قطر کی سیوریج پائپ ڈالنے کا کام تیزی سے جاری ہے جو توقع ہے کہ اس ہفتے کے آخر تک اسے مکمل کرلیا جائے گا۔اس سے پہلے 27انچ اور 30انچ قطر کے پائپ ڈالنے کا کام مکمل کیا جا چکا ہے۔یہ بات پمپ پروگرام کے سٹی منیجر محمد اسجد خان نے کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کی زیر صدارت کمشنر آفس میں منعقدہ مختلف محکموں کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس میں بتائی جس میں ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر صغدر حسین، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، چیف آفیسر کارپوریشن شیخ اشفاق احمد سمیت متعلقہ حکام نے بھی شرکت کی۔انہوں نے بتایا کہ کالج روڈ اور فریدٹاؤن روڈ پر ازسرنو تعمیر پر کام بھی تیزی سے جاری ہے اور توقع ہے کہ 15روز میں دونوں سڑکوں پر اسفالٹ کا کام مکمل کرلیا جائے گا۔کمشنر شعیب اقبال سید نے کنعان پارک میں سیوریج لائن ڈالنے کے بعد اس کی مکمل بحالی کی ہدایت کی تاکہ پارک کو اس کی اصل شکل میں دوبارہ لایا جاسکے۔ انہوں نے میونسپل کارپوریشن میں بلڈنگ برانچ کے لئے ریکارڈ روم کی ضرورت پر زور دیا اور ہدایت کی کہ شہریوں کا تمام ریکارڈ محفوظ بنانے کے لئے کمپیوٹرائزیشن کا جاری کام بھی جلد مکمل کیا جائے۔

مصطفیٰ آباد:ایس ڈی اوواپڈا وارث بھلر کا کلاس فیلوز کے اعزاز میں دعوت کا اہتمام

بچپن کے یادگار لمحات کو یاد کرکے دوستوں کے خوب انجوائے کیا



مصطفیٰ آباد/لیانی (نمائندہ خصوصی) ایس ڈی او واپڈا وارث بھلر کا کلاس فیلوز کے اعزاز میں دعوت کا اہتمام، دعوت میں گورنمنٹ ہائی سکول مصطفیٰ آباد 1995 کے سکول فیلوز کی بڑی تعداد نے شرکت کی، پرتکلف دعوت پر وارث بھلر کا شکریہ ادا کیا، بچپن کے یادگارلمحات کو یاد کرکے دوستوں کے خوب انجوائے کیا،تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ ہائی سکول مصطفیٰ آباد 1995 کے کلاس فیلوز کے اعزاز میں ایس ڈی او واپڈا چوہدری وارث بھلر کی طرف سے پرتکلف دعوت کا اہتمام کیا، دعوت میں کلاس فیلوز کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور بچپن کے یادگارلمحات کو یاد کرکے خوب انجوائے کیا اور وارث بھلر کی پرتکلف دعوت کا شکریہ ادا کیا، وارث بھلر نے کہا کہ آج بچپن کے سکول فیلوز کو مل کر دلی خوشی ہوئی ہے، بچپن کے دوستوں کے ساتھ مل بیٹھ کر گپ شپ کرنے کا سلسلہ بہت پہلے شروع ہونا چاہئے تھا، دعوت میں ملک ریاست علی، ڈاکٹر اصغر علی شہزاد، ماسٹر محمد حسین، ارشد رفیق انصاری سابقہ ناظم ،عبدالرزاق رانجھا، محمد عابد محمود ، شاہد عمر، رحمت علی، خوشی محمد، قمر الزمان، چودھری کاشف انصاری، میاں کاشف، کاشف سلطان، ولی محمد، جمیل ناصر، مہر جمیل، افتخار انصاری، شیخ تنویر، محمد قاسم اور شاہد معراج نے شرکت کی، آج ہم نے دنیا میں جو کامیابیاں حاصل کی ہے یہ ہمارے اساتذہ کی محنتوں کا نتیجہ ہے، ہم اپنے اساتذہ کی دنیا و آخرت کی کامیابیوں کے لئے دعا گو ہیں، بچپن کے دوستوں کے ساتھ جو دعوتوں کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے اس سلسلہ کو جاری رکھنے کی ضرورت ہے

دیپالپور کانواحی گاؤں 56/اے ڈی میں چوری کی واردات

چور کریانہ سٹور کا سامان چوری کر کے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے



دیپالپور(زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپالپور کانواحی گاؤں 56/اے ڈی میں چوری کی وارادات چوروں نے محمد منیر کرڑ کریانہ سٹور کی دوکان کے شٹر کے تالے توڑ کر کریانہ سٹور کا سامان چوری کرکے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے تفصیل کے مطابق محمد منیر کرڑ گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں ایک غریب آدمی ہوں محنت مزدوری کرکے کچھ پیسے اکٹھے کیے ہیں میں نے ایک چھوٹی سی دوکان بنائی ہے چوروں نے میری دوکان کے شٹر کے تالے توڑ کر 150000 لاکھ روپے کا چوروں نے نقصان کیا ہے جس میں چینی صابن شیمپو سگریٹ اور چاول کی بوریاں کچھ نقدی چوروں نے چوری کر کے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے ہیں میرا تقریبا 150000 روپے کا نقصان ہوا ہے ہم جائیں تو کہاں جائیں کوئی پوچھنے والا نہیں ہے غریب آدمی کیا کرے میں نے بہت مشکل سے چھوٹی سی دوکان بنائی تھی وہ بھی چوری ہو چکی ہے ہم نے 15 ایمرجنسی کال کی تھانہ صدر دیپال پور کی چوکی پہلی پہاڑ کی پولیس موقع پر پہنچ کر کاروائی شروع کردی ہماری وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اور ڈی پی او کاڑہ سے گزارش ہے کہ میرے چوروں کو گرفتار کر کے میری ریکوری واپس کرائی جائے۔

فصلوں کی باقیات کو جلانے کی کورتیج پر اینکر پر تشدد

وزیراعلیٰ پنجاب،آئی جی پنجاب کے نوٹس کے باوجود ملزموں کی گرفتاری نہ ہوسکی



شکرگڑھ(عمران عارف سے) تھانہ صدر کی حدود گاؤں بڑا بھائی مسرور میں فصلوں کی باقیات کو جلانے کی کورتیج پر اینکر پرسن" پنجاب پوچھتا ہے" اور نیوز ایڈیٹر محمد سلیم کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا، اور ملزمان صحافی کو اغواء کرکے خفیہ جگہ لے جا کر ظالمانہ تشدد کرتے رہے اور 3 عدد موبائل کیمروں کیساتھ ویڈیوز بھی بناتے رہے، جس کی ایف آئی آر تھانہ صدر شکرگڑھ میں درج ہے، آئی جی پنجاب، اور وزیراعلیٰ پنجاب کے نوٹس لینے کے باوجود بھی مگر تاحال ملزمان گرفتار نہیں ہو سکے، ما سوائے ایک ملزم کے جبکہ متاثرہ صحافی کے مطابق اسے صلح کیلئے دھمکیاں دی جا رہی ہیں، کہ اگر مقدمہ واپس نہ لیا تو سنگین نتائج بھگتنا پڑیں گے، جبکہ پولیس اپنی روایتی مصروفیات اور سیاستدانوں کی اثیر بنی ہوئی ہے، متاثرہ صحافی نے وزیراعلیٰ پنجاب اور آئی جی پنجاب سے ملزمان کی گرفتاری اور اپنے تحفظ کی اپیل کی ہے،

اوکاڑہ دریائے راوی کے کنارے سے نامعلوم لاش برآمد

مقامی افراد نے دریائے راوی کے کنارے ایک لاش دیکھ کر پولیس کو اطلاع دی

اوکاڑہ(راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ دریائے راوی کے کنارے سے نامعلوم لاش برآمد۔تھانہ گوگیرہ اوکاڑہ کی حدود میں دریائے راوی کے کنارے فتح پور کے علاقے سے ایک نامعلوم لاش برآمد ہوئی ہے۔پولیس کے مطابق لاش ایک 55 سالہ مرد کی ہے، تاہم ابھی تک اس کی شناخت نہیں ہوسکی۔مقامی افراد نے دریائے راوی کے کنارے ایک لاش دیکھ کر پولیس کو اطلاع دی۔ اطلاع ملنے پر تھانہ گوگیرہ کی پولیس فوری طور پر موقع پر پہنچی اور لاش کو اپنی تحویل میں لے لیا۔ پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ لاش کو ابتدائی کارروائی کے بعد مزید تحقیقات کے لیے تھانہ صدر کے حوالے کیا گیا ہے۔لاش کو پوسٹ مارٹم اور شناخت کے لیے ڈی ایچ کیو ہسپتال کے مردہ خانے منتقل کردیا گیا ہے۔پولیس نے تحقیقات کا آغاز کردیا ہے تاکہ موت کی وجہ اور متوفی کی شناخت کا پتہ چلایا جاسکے۔

پارہ چنار جیسے واقعات پر تشویش ہے، زاہد عمران کورٹانہ

پارہ چنار واقعے میں ملوث اصل کرداروں کو سامنے لایا جائے ظلم کی بدترین تاریخ رقم کی گئی



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) پارہ چنار جیسے واقعات پر تشویش ہے یہ سیکیورٹی اداروں پر بڑا سوالیہ نشان ہے دشمن ہمیشہ موقع کی تاک میں ہے تعصب پسندی کی آگ میں دھکیل کر ہمیں کاجرمولی کی طرح کاٹا جارہا ہے اگر قابو نہ پایا گیا تو تعصب پسندی کی آگ کی زد سے کوئی بھی نہیں بچ سکتا ان خیالات کا اظہار جماعت اسلامی کے ضلعی صدر ورکن شوری زاہد عمران کوروٹانہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پارہ چنار واقعے میں ملوث اصل کرداروں کو سامنے لایا جائے قلم کی بدترین تاریخ رقم کی گئی ہے جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے صوبائیت پرستی اور مذہبی فرقہ واریت کی زد میں بہت لاشیں گر چکی ہیں اب یہ سلسلہ رکنا چاہیے یہ خطرناک جنگ کس کے مفاد میں نہیں ہے۔

نارنگ منڈی:ریلوے روڈ اور یونس روڈ پر تجاوزات کی بھرمار

انتظامیہ خاموش تماشائی گھنٹوں ٹریفک جام رہنا معمول بن گیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی)ریلوے روڈ اور یونس روڈ پر تجاوزات کی بھرمار ریلوے کی حدود ہونے کے باوجود انتظامیہ خاموش تماشائی گھنٹوں ٹریفک جام رہنا معمول بن گیا ریلوے انتظامیہ مبینہ نے طور پر منتخلیاں لے کر تجاوزات مافیا کو کھلی چھٹی دے رکھی ہے ریلوے کی حدود میں قبضہ کرلیا گیا ہے دن بدن تجاوزات میں اضافہ ہورہا ہے جس سے راستے سکڑ کر چند فٹ رہ گئے ہیں ایمبولینسز اور مریضوں کی نجی گاڑیاں تجاوزات کی زد میں پھنس جانا معمول بن چکا ہے پیدل چلنا بھی دشوار ہوچکا ہے سکول وکالجز جانے والی طالبات اور چھوٹے بچے بھی شدید اذیت سے دوچار ہیں ریلوے انتظامیہ تجاوزات مافیا کے خلاف کارروائی کرنے سے قاصر نظر آرہی ہے اہل علاقہ نے شدید احتجاج کرتے ہوئے پاکستان ریلوے کے اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

اوکاڑہ: مہنگائی نے عوام کا بھرکس نکال کر رکھ دیا

وزیراعلیٰ پنجاب ووزیراعظم پاکستان سے بڑھتی ہوئی مہنگائی کے خلاف فوری ایکشن لینے کا مطالبہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) مہنگائی نے عوام کا بھرکس نکال کر رکھ دیا ہے، طبقہ اشرافیہ کے چونچلے ختم نہیں ہورہے جبکہ غربت کی ماری عوام مہنگائی کے ہاتھوں پس رہی ہے، وزیراعلیٰ پنجاب و وزیراعظم پاکستان سے بڑھتی ہوئی مہنگائی کے خلاف فوری ایکشن لینے کا مطالبہ۔تفصیلات کے مطابق جمعیت علمائے پاکستان پنجاب کے صدر علامہ نور احمد سیال، سینئر نائب صدر مولانا مفتی محمد احمد برکاتی، جنرل سیکرٹری ڈاکٹر جاوید اختر نورانی نے کہا ہے کہ مہنگائی کے موجودہ حالات میں بجلی بلوں اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ ہونے سے غریب اور متوسط طبقہ کو سخت پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے۔حکومت فوری طور پر غریب عوام کو ریلیف دینے کے لئے اقدامات کرے تاکہ لوگ آرام سکون سے زندگی بسر کرسکیں۔ان خیالات کا اظہار جے یو پی پنجاب کے راہنماؤں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر علامہ نور احمد سیال نے کہا کہ وفاقی وصوبائی حکومتیں عوام کے مسائل حل کرنے میں سنجیدگی کا مظاہرہ کریں۔مفتی محمد احمد برکاتی نے کہا ہے کہ مہنگائی سے چھٹکارا پانے کے لئے اشرافیہ اپنے اخراجات میں کمی کریں۔اس موقع پر ڈاکٹر جاوید اختر نورانی نے کہا کہ میاں شہباز شریف وزیر اعظم ہیں وہ اپنے اور اپنے وزراکنوں سادگی اپنانے کا پابند کریں اور حکومتی اخراجات میں خاطرخواہ کمی کی جائے اور وہی رقم عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کی جائے تاکہ غریب عوام سکھ کا سانس لے سکے۔اس موقع پر ضلع اوکاڑا جمیعت علماء پاکستان کی مکمل باڈی ودیگر راہنما بھی موجود تھے۔

نادرا آفس کا عملہ عوام کی خدمت میں مصروف عمل ہے،قمر عباس

حکومت احکامات کی روشنی میں نادرا آفس ڈسکہ میں سیکنڈ شفٹ کا آغاز کردیا گیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) نادرا آفس ڈسکہ کے انچارج قمر عباس نے کہا ہے کہ نادرا آفس کا عملہ عوام کی خدمت میں مصروف عمل ہے حکومت احکامات کی روشنی میں نادرا آفس ڈسکہ میں سیکنڈ شفٹ کا آغاز کردیا گیا ہے جس کی وجہ سے اب سائلین کو پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا شہری سیکنڈ شفٹ میں آکر اپنا کارڈ وغیرہ بنواسکتے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ نادرا آفس میں معذور اور ضعیف العمر سائلین کیلئے دو کاؤنٹر قائم کردیئے گئے ہیں اب معذور اور ضعیف العمر مرد و خواتین بغیر کسی رکاوٹ اور پریشانی کے اپنا کارڈ بنواسکیں گے انہوں نے کہا کہ اگر کسی سائلین کو نادرا آفس کے کسی عملہ کے رکن سے کوئی مسئلہ ہو یا کوئی پریشانی ہو تو مجھ سے رباطہ کرے انشاء اللہ اس کا مسئلہ فوری طور پر حل کردیا جائے گا۔

دی میونسپل یونائیٹڈ ٹیچرز ایمپلائز یونین پنجاب کے چیف آرگنائزر ملک اسد اللہ اعوان کی طرف سے انکی رہائشگاہ پر تقریب کا انعقاد



وزیرآباد(نامہ نگار) دی میونسپل یونائیٹڈ ٹیچرز ایمپلائز یونین پنجاب کے چیف آرگنائزر ملک اسد اللہ اعوان کی طرف سے انکی رہائشگاہ پر تقریب کا انعقاد کیا گیا جسمیں چیف ایجنگ یکٹو آفیسر انتھارٹی ایجوکیشن گوجرانوالہ حاجی محمد سلطان ہنجراء ،مرکزی نائب صدر حاجی محمد اشرف مہر،سرپرست اعلیٰ چوہدری خالد پرویز ،پنجاب ٹیچرز یونین پنجاب کے فیاض وڑائچ ،چیئرمین عرفان الٰہی ،سیکرٹری نشرو اشاعت ایم ڈی عمران،صدر چوہدری محمد اصغر چیمہ ،جنرل سیکرٹری طاہر فاروق بٹ ،طاہر فاروق بٹ محمد اصغر،امتیاز ڈار،مرغوب حسین،محمد حسین،محمد شاہد،نور احمد نورانی ،ملک سیف اللہ ،چاچا جی محمد اکبر ،مہر محمد فیاض ،رانا فضل الٰہی محمد اکبر ،ملک محمد یونس ،ثناء اللہ محمد شعیب ،ملک محمد اکرم،عمران ڈار،طلحہ عمران،نوید الحسن ،عظمت اللہ ،عبد الستار،میاں عامر ،انصر نوید ،حبیب الرحمن ،مرتضیٰ عبد اللہ ،محمد اشفاق ،لالہ مشتاق ،انصر جاوید،جاوید ناصر،عبد الوہاب ،میاں محمد سلیم ،سلامت حسین محمد اسلم چیمہ،اکبر بھٹی سمیت ضلعی وتحصیل صدر کے صدور اور جنرل سیکرٹریز کے علاوہ اساتذہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی ۔چیف ایگزیکٹو آفیسر حاجی محمد سلطان ہنجراء نے کہا کہ ملک ضیاء اللہ اعوان کی ٹیچرز کے مسائل حل کرنے میں کی گئی خدمات قابل ستائش ہیں انکی بے لوث خدمات صدیوں یاد رکھی جائینگی۔

جیکب آباد میں ایچ آئی وی ایڈز کے مریضوں کی تعداد میں خطرناک حد تک اضافہ

جیکب آباد (رپورٹ منظور احمد گورچانی) جیکب آباد میں ایچ آئی وی ایڈز کے مریضوں کی تعداد میں خطرناک حد تک اضافہ، 30 نئے کیس رپورٹ، ضلع بھر میں سینکڑوں بچے،خواتین و مرد ایچ آئی وی ایڈز کے مرض میں مبتلا ہونے کا انکشاف۔تفصیلات کے مطابق جیکب آباد ضلع میں ایچ آئی وی ایڈز کے کیسز میں تیزی سے اضافہ ہوتا جارہا ہے،جیکب آباد میں ایچ آئی وی ایڈز کے مزید 30 کیس رپورٹ ہوئے ہیں، ملنے والی معلومات کے مطابق جمس اسپتال میں قائم اے آر پی سینٹر میں مارچ سے نومبر تک 30 نئے کیسز رپورٹ ہوئے ہیں جن میں بچے،خواتین اور مرد شامل ہیں، جبکہ جمس اسپتال میں قائم اے آر پی سینٹر میں اس وقت 132 سے زائد مریضوں کا علاج کیا جارہا ہے،جمس اسپتال کے ایک ذمہ دار نے بتایا کہ مارچ سے نومبر تک یہاں 30 نئے کیس رپورٹ ہوئے ہیں جبکہ ایک سو سے زائد مریض جن کا علاج لاڑکانہ،تو ویرو اور سکھر سمیت دیگر شہروں میں ہورہا تھا انہیں جیکب آباد کے سینٹر میں ٹرانسفر کیا گیا ہے۔

میڈم انیسہ شہزادی کی بطور نائب صدر ایپکا تقرری



دیپالپور(زاہد عمران جنجوعہ قوت) تقرری پر ضلع بھر میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ اس موقع پر سول سوسائٹی، صحافتی حلقوں، سیاسی و سماجی شخصیات اور وکلاء برادری نے انہیں دلی مبارکباد پیش کی اور ان کی کامیابی کو علاقے کے لیے باعث فخر قرار دیا۔میڈم انیسہ شہزادی نے اپنی کامیابی پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا،" میں اللہ تعالیٰ کی شکر گزار ہوں جس نے مجھے یہ عزت عطا کی اور کامیابی سے نوازا۔میں وعدہ کرتی ہوں کہ ہمیشہ ایمانداری اور خلوص کے ساتھ عوام الناس کی خدمت کے لیے کوشاں رہوں گی اور ان کے مسائل کے حل کے لیے اپنی تمام تر توانائیاں صرف کروں گی۔انہوں نے مزید کہا کہ لیپکا کے پلیٹ فارم سے ملازمین کے حقوق کے تحفظ اور ان کے مسائل کے حل کے لیے کام کیا جائے گا، اور ہر ممکن کوشش کی جائے گی کہ ادارے کے ملازمین کو درپیش مشکلات کا ازالہ کیا جائے۔

ننکانہ صاحب: قاری محمد آصف جمال قادری کی والدہ ماجدہ انتقال کرگئیں

ننکانہ صاحب(چوہدری محمد عرفان نگر)ننکانہ صاحب کے معروف نعت خواں اور ناظم انجمن طلباء اسلام ضلع ننکانہ صاحب حافظ وقاری محمد آصف جمال قادری کی والدہ ماجدہ انتقال کرگئیں۔تفصیلات کے مطابق ننکانہ صاحب کے معروف نعت خواں اور ناظم انجمن طلباء اسلام ضلع ننکانہ صاحب حافظ وقاری محمد آصف جمال قادری کی والدہ ماجدہ علالت کے بعد انتقال کرگئیں۔مرحومہ اپنی شفیق شخصیت اور دینی خدمات کے حوالے سے خاندان اور احباب میں منفرد مقام رکھتی تھیں۔ان کی نماز جنازہ مناواولا پھاٹک ننکانہ صاحب میں ادا کی گئی جنازے میں سیاسی، سماجی اور مذہبی شخصیات سمیت اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی حافظ وقاری محمد آصف جمال قادری کا کہنا تھا کہ میری والدہ نہ صرف میری زندگی کا سہارا تھیں بلکہ ان کی دعائیں میری کامیابیوں کا سبب تھیں۔ان کی جدائی ناقابل تلافی نقصان ہے۔

کمشنر سلوت سعید کا ایف ڈی اے سٹی کا دورہ

فیصل آباد(میاں محمد ساجد)کمشنر سلوت سعید نے ایف ڈی اے سٹی کا دورہ کیا اور ڈویژنل پبلک سکول کے کیمپس کی زیر تعمیر بلڈنگ کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری، چیف انجینئر مہر ایوب اور ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن مصور احمد خاں نیازی بھی ہمراہ تھے۔کمشنر نے ڈویژنل پبلک سکول کے کیمپس کے قیام کے لئے زیر تعمیر عمارت کو تیز رفتاری سے مکمل کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ بلڈنگ کو جدید طرز تعمیر کا شاہکار ہونا چاہیے۔

زرعی زمین کے تنازعہ پر مخالفین نے فائرنگ کرکے دو افراد کو شدید زخمی کردیا

اوکاڑہ(راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں زرعی زمین کے تنازعہ پر مخالفین نے فائرنگ کرکے دو افراد کو شدید زخمی کردیا۔تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ جھرہ شاہ مقیم کے رہائشی کسان اتحاد پنجاب کے صوبائی جنرل سیکرٹری ملک یسین ججھر کے بھائیوں ملک بنامین اور ملک صفدر کامراتب شاہ کرمانی وغیرہ سے زرعی زمین کا تنازعہ چل رہا تھا جس کی رنجش پر مراتب شاہ کرمانی اور علی نواز کرمانی وغیرہ نے اندھا دھند فائرنگ کردی جس کی زد میں آکر ملک بنیامین اور ملک صفدر شدید زخمی ہوگئے۔

سابقہ لڑائی جھگڑے کی بناء پر چار ملزمان نے فائرنگ کرکے نوجوان کو شدید زخمی کردیا

ڈسکہ(تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) سابقہ لڑائی جھگڑے کی بناء پر چار ملزمان نے فائرنگ کرکے نوجوان کو شدید زخمی کردیا سمبڑیال روڈ ڈسکہ کے امان اللہ نے پولیس کو درخواست دی کہ ملزمان راشد گل،سمیر بلا اور دو نامعلوم نے فائرنگ کرکے اس کے بیٹے کو شدید زخمی کردیا ہے وجہ عناد سابقہ لڑائی جھگڑا بتائی جاتی ہے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

ایس ایچ او مراد پور شبیر گل کا موت کے سوداگروں کے خلاف کریک ڈاؤن

سیالکوٹ(خواجہ عامر جاوید سے) ایس ایچ او تھانہ مراد ایس ایچ او شبیر گل نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کاروائی عمل میں لاتے ہیں بدنام زمانہ منشیات فروش شاب گل سے دوران تلاشی 5 کلو 640 گرام چرس برآمد کرکے ملزم کو پابند سلاسل کردیا۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ رانا عمر فاروق کے کرائم کنٹرول میکنزم پر عمل پیرا قابل وفرض شناس پولیس آفیسر ایس ایچ او شبیر گل نے رواں ماہ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے لاکھوں روپے مالیت منشیات کی گھیپ پکڑ کر علاقے میں منشیات کے خلاف جہاد جاری کررکھا ہے اس موقع پر ایس ایچ او شبیر گل کا کہنا تھا کہ موت کے سوداگر منشیات فروشوں کسی رعایت کے مستحق نہیں ہم ڈی پی او سیالکوٹ رانا عمر فاروق کی ہدایات کے مطابق تھانہ مراد پور کے علاقے سے منشیات کو جڑ سے ختم کرکے دم لیں گے۔

فرقہ وارانہ تقریر کے متعلق بوگس کال چلانے پر دس ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ریسکیو 15 پر فرقہ وارانہ تقریر کے متعلق بوگس کال چلانے پر دس ملزمان کیخلاف مقدمہ درج محلہ رحمن پورہ مندرانوالہ کے محمد نعمان، علی حسن، نسیم اکرم اور سات نامعلوم نے ریسکیو 15 پر کال چلائی کہ جامعہ مسجد اہلحدیث کا امام مسجد فرقہ وارانہ تقریر کررہا ہے پولیس نے موقع پر جا کر چیک کیا تو ان کی کال کی تصدیق نہ ہوسکی پولیس نے نقص امن پیدا کرنے کے جرم میں ملزمان کیخلاف مقدمہ درج کرلیا ہے

ننکانہ صاحب: حادثہ کا شکار زیر علاج خاتون جانبر نہ ہوسکی

شہر ننکانہ صاحب میں دھولر چوک والے قبرستان میں نماز جنازہ ادا کیا گیا



ننکانہ صاحب(چوہدری محمد عرفان نگر) گذشتہ روز کشمیر روڈ پر سڑک حادثہ کا شکار ہونے والی ریسکیور فاطمہ بانو "ایمرجنسی میڈیکل کمپلیکس" لائیڈ ہسپتال فیصل آباد میں زیر علاج رہی اور جانبر نہ ہوسکی آج شہر ننکانہ صاحب میں دھولر چوک والے قبرستان میں نماز جنازہ ادا کیا گیا جس میں ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ،ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم پنوار، دیگر محکمہ جات کے افسران، میڈیا نمائندگان، ضلع بھر کے تمام ریسکیو افسران و ریسکیورز اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔جہاں ریسکیو 1122 کے چاق وچوبند دستے نے ریسکیور کے جسد خاکی کو سلامی پیش کی اور گہرے دکھ اور رنج کی کیفیت میں اپنے ساتھی کی بلندی درجات کے لئے دعائی گئی۔سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈپارٹمنٹ ڈاکٹر رضوان نصیر،ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ اور اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ صاحب وجیہہ ثمرین کی طرف سے ریسکیور کی قبر پر پھولوں کے گلدستے رکھے گئے۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم پنوار نے ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ، اسسٹنٹ کمشنر وجیہہ ثمرین، میڈیا نمائندگان اور معززین شہریوں کی کثیر تعداد میں شرکت پر شکریہ ادا کیا اور سوگواران فیملی سے تعزیت کی۔ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم پنوار نے ریسکیو فیملی میں اچانک موت پر گہرے دکھ اور غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ فاطمہ بانو کی خدمات ایک پیشہ ورانہ ریسکیور کے طور پر نمایاں رہی اس کا جذبہ خدمت انسانیت ہمیشہ دوسرے ریسکیورز کے لئے رول ماڈل اور مثالی رہا ان کی خدمات کو تادیر قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔

پیر سید ہدایت رسول شاہ قادری کے 5ویں سالانہ عرس مبارک کی تقریب

سید ہدایت رسول شاہ شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری کے قابل فخر شاگردوں میں سے تھے، پروفیسر ڈاکٹر حسین محی الدین قادری



فیصل آباد(مسعود احمد بھٹہ)منہاج القرآن انٹرنیشنل کے صدر پروفیسر ڈاکٹر حسین محی الدین قادری نے دارالعلوم نوریہ رضویہ گلبرگ اے میں پیر سید ہدایت رسول شاہ قادری کے 5ویں سالانہ عرس مبارک کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سید ہدایت رسول شاہ شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری کے قابل فخر شاگردوں میں سے تھے۔آپ تحریک منہاج القرآن فیصل آباد کے روح رواں تھے اور اپنی ساری زندگی اللہ اور اس کے رسول کے دین کی بے لوث خدمت میں بسر کی۔آپ کے اخلاص اور قربانیوں کا نتیجہ ہے کہ ہزاروں افراد آج بھی ان سے محبت رکھتے ہیں اور ان کے نقش قدم پر چل رہے ہیں۔تقریب کی صدارت سید سعید الحسن شاہ صحبت سے خود کو الگ کرلیا ہے۔ہماری نسل اس روحانی تعلق سے محروم ہوکر بے راہ روی کا شکار ہورہی ہے۔ مادیت پرستی نے ہماری زندگیوں سے عبادات، اخلاقیات اور شرم وحیا کی اہمیت کو ختم کردیا ہے،اور ہم دین کے بنیادی ارکان کو پرانے خیالات سمجھ کر نظر انداز کرنے لگے ہیں۔ڈاکٹر حسین محی الدین قادری نے سور الکہف کی آیت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو نیک لوگوں کی معیت اختیار کرنے کا حکم دیا ہے۔ارشاد باری تعالیٰ ہے: "اور اپنے آپ کو ان لوگوں کی معیت میں جمائے رکھا کرو جو صبح وشام اپنے رب کو یاد کرتے ہیں اور اس کی رضا کے طلبگار ہیں۔" انہوں نے کہا کہ اللہ کے نیک بندے اپنی زندگی کو اللہ کی رضا کے لیے وقف کردیتے ہیں۔ علاوہ مشائخ عظام علماء کرام مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات، تحریک منہاج القرآن کے قائدین وکارکنان اور صاحب مزار کے مریدین وعقیدت مندوں کی بہت بڑی تعداد نے شرکت کی۔ڈاکٹر حسین محی الدین قادری اپنے خطاب میں نے کہا کہ انسانی زندگی کا بنیادی مقصد قرب الٰہی کا حصول ہے،اور یہی حقیقی کامیابی کا ضامن ہے۔مگر آج کے دور میں مادیت ہماری زندگیوں پر غالب آچکی ہے۔ہم ہر شے کو مادیت کے پیمانے پر تولتے ہیں اور روحانی اقدار کو فراموش کرچکے ہیں،جس کے باعث روحانی شعور ماند پڑ چکا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہماری بداعمالیاں اور دین سے دوری کا سبب یہ ہے کہ ہم نے اولیا کرام اور صوفیا عظام کی مجالس اور صحبت سے خود کو الگ کرلیا ہے۔ہماری نسل اس روحانی تعلق سے محروم ہوکر بے راہ روی کا شکار ہورہی ہے۔

حافظ آباد شہر گردونواح میں گزشتہ روز امن و امان کی صورتحال معمول کے مطابق بہتر رہی

حافظ آباد(بیورو رپورٹ) حافظ آباد شہر گردونواح میں گزشتہ روز امن و امان کی صورتحال معمول کے مطابق بہتر رہی۔ضلعی انتظامیہ کی جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق تمام مارکیٹیں،بازار اور تجارتی مراکز معمول کے مطابق کھلے ہیں اور عوام کی بڑی تعداد خرید و فروخت اور اپنے کاموں میں مصروف ہیں۔سبزی وفروٹ اور غلہ منڈیوں میں بھی معمول کے کاروبار کا سلسلہ جاری ہے۔اندرون شہر اور دیگر ملحقہ سڑکوں پر ٹریفک کی روانی بھی معمول کے مطابق جاری،شہر سمیت کسی بھی جگہ پر کسی قسم کا کوئی احتجاج نہیں ہورہا۔

ٹریفک کے مختلف حادثات میں سات خواتین سمیت انیس افراد شدید زخمی

چنیوٹ(ڈسٹرکٹ رپورٹر) ٹریفک کے مختلف حادثات میں سات خواتین سمیت انیس افراد شدید زخمی ہوگئے تفصیلات کے مطابق ضلع بھر میں ٹریفک کے مختلف حادثات واقعات میں انیس افراد زخمی ہوئے زخمی ہونے والوں میں سات خواتین بھی شامل تھیں پنجاب ایمرجنسی سروس ڈسٹرکٹ چنیوٹ کے عملہ نے زخمیوں کو طبی امداد دیتے ہوئے ہسپتال منتقل کردیا۔

اوکاڑہ کے نواح میں اوباش کی نابالغ لڑکی سے زبردستی زیادتی کرنے کی کوشش

اوکاڑہ(راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں اوباش کی نابالغ لڑکی سے زبردستی زیادتی کرنے کی کوشش۔تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ کدھی والا کھوہ موضع لشاریاں کی رہائشی نابالغ لڑکی کو چیز دینے کے بہانے اوباش شخص شہادت اپنے گھر لے گیا جہاں اس سے زبردستی زیادتی کرنے کی کوشش کرنے لگا لڑکی کی چیخ وپکار پر اہل محلہ آگئے ملزم بھاگ جانے میں کامیاب ہوگیا۔ پولیس تھانہ را

"قوت" کا اسپیشل ایڈیشن
روزنامہ قوت لاہور

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں لیکن اشتہار کے غیر حقیقی دعوے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور پڑھے جانے والے ہونے چاہئیں کسی بھی اشتہار کے غیر واضح یا مبہم ہونے کی صورت میں ادارہ ایسے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-36360003

1	تجویز جات	

ذریعے تجارت کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ بیورو برائے سیاحت، سیاحتی مقامات میں دوروں، ٹھہرنے کے انتظامات، 8 مقامی ہوٹلوں اور معاہدوں اور ٹورز کی تجاویز کی تفصیلات کے بارے میں ہدایات جاری کی گئیں۔ اس موقع پر ہدایات دیتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ سیاحت کے فروغ کے لئے ہمیں معروف مقامات کی بجائے نئے مقامات کو متعارف کروانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے مختلف علاقوں میں بہت سے ایسے مقامات ہیں جو ابھی تک سیاحوں کی نظروں سے اوجھل ہیں۔ ان مقامات کی تشہیر کی جائے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان کے ہر علاقے کی اپنی ثقافت اور روایات ہیں، ان کو اجاگر کیا جائے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان اور بیلاروس کے درمیان تمام شعبوں میں تعاون خوش آئند ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان تجارت کے لئے وسیع مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بیلاروس کے درمیان تجارت کا حجم کافی کم ہے، اس کو بڑھانے کے لئے فریقین کو تعریف اور ٹیرف رکاوٹوں کو کم کرنے کے لئے بھی کام کرنا ہوگا اور اس حوالے سے ہمارے ورکنگ گروپ کو متعلقہ رسائی حاصل کرنی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ضروریات کا خیال رکھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ڈرون اور اقمار صناعی کے شعبے میں تعاون کو حاصل کرنے کے لئے معاہدوں پر کام کیا جائے۔ سیٹلائٹ کے شعبے میں تعاون کو بھی ترجیح دینے کے لئے معاہدوں پر کام کیا جائے۔ بیلاروس کے صدر الیگزینڈر لوکاشینکو نے ٹیلی فونک گفتگو کے دوران وزیر اعظم شہباز شریف کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے لئے ہماری نیک تمنائیں ہمیشہ آپ کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بیلاروس کے درمیان تعلقات کو بہتر سطح پر لے جانے کے لئے ہم پرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارت کا حجم بڑھانے کے لئے ہمیں کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بیلاروس کے صدر کا دورہ پاکستان ہمارے لئے بہت اہم ہے۔ ہم اس دورے کے لئے بہت پرجوش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس دورے کے نتائج کے منتظر ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہم بیلاروس کے ساتھ مشترکہ منصوبوں کے ذریعے سرمایہ کاری، معلومات اور ٹیکنالوجی کا تبادلہ کریں گے۔ پاکستان اور بیلاروس کے درمیان تعلقات کی بنیادیں بہت مضبوط ہیں۔ ہم باہمی تعاون کو مزید بڑھانے کے لئے پرعزم ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان اور بیلاروس کے درمیان تجارت کا حجم بڑھانے کے لئے ہمیں کام کرنا ہوگا۔ انہوں

اپچی سن کالج کے طلباء ڈرون ٹیکنالوجی کے ذریعے سیلاب سے نجات میں انقلاب برپا کر دیا

پاکستان اور دیگر سیلاب زدہ علاقوں کو درپیش سب سے تباہ کن چنلجوں سے نمٹنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا، پروجیکٹ ورلڈ وربوٹ اولمپیاڈ 2024 میں شرکت کرنے والی ''اچیسن مشن پوسیبل ٹیم'' کے ذہن کا اختراع ہے۔ سیلاب کے بعد کے حالات میں، ڈرون بچاری کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے جراثیم کش ادویات چھڑکنا ہے، جدید ترین ٹیکنالوجی سے لیس فلائر ریفلیکٹ ڈرون کی ایم خصوصیات کا حامل، تباہی کے رد عمل میں کم تخریب ثابت ہوتا ہے

جدت طرازی اور انسانی ہمدردی کے جذبے کا شاندار مظاہرہ، اپچی سن کالج، پاکستان کے طلباء کا ایک گروپ اپنے شاندار ''فلائر ریفلیکٹ ڈرون'' کے ساتھ بین الاقوامی سطح پر لہرا رہا ہے



سیلابی علاقوں میں انسانی ہمدردی اور ریلیف کے کاموں کیلئے جدید ڈرون تیار کرنے والے اپچی سن کالج کے طلباء بھجر عارفین لمان، آدمی اور عمار کا گروپ فوٹو، جنہوں نے بھجر کے طلباء کے درمیان، مقابلے کیلئے پیش کیا گیا

(لاہور خبرنگار) اپچی سن کالج کے طلباء نے ڈرون ٹیکنالوجی کے ذریعے سیلاب سے نجات میں انقلاب برپا کر دیا۔ جدت طرازی اور انسانی ہمدردی کے جذبے کا شاندار مظاہرہ، اپچی سن کالج، پاکستان کے طلباء کا ایک گروپ اپنے شاندار ''فلائر ریفلیکٹ ڈرون'' کے ساتھ بین الاقوامی سطح پر لہرا رہا ہے۔ ''فلائر ریفلیکٹ ڈرون'' پاکستان اور دیگر سیلاب زدہ علاقوں کو درپیش سب سے تباہ کن چنلجوں سے نمٹنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا، پروجیکٹ ورلڈ وربوٹ اولمپیاڈ 2024 میں شرکت کرنے والی ''اچیسن مشن پوسیبل ٹیم'' کے ذہن کا اختراع ہے۔ سیلاب کے بعد کے حالات میں، ڈرون بچاری کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے جراثیم کش ادویات چھڑکنا ہے، جدید ترین ٹیکنالوجی سے لیس فلائر ریفلیکٹ ڈرون کی ایم خصوصیات کا حامل، تباہی کے رد عمل میں کم تخریب ثابت ہوتا ہے

مشکل ترین حالات میں انسانی ہمدردی اور ریلیف کے کاموں کیلئے جدید ڈرون تیار کرنے والے اپچی سن کالج کے طلباء بھجر عارفین لمان، آدمی اور عمار کا گروپ فوٹو، جنہوں نے بھجر کے طلباء کے درمیان، مقابلے کیلئے پیش کیا گیا

عمران اور پی ٹی آئی ملک کے حال پر رحم کریں، جے یو آئی

پی ٹی آئی احتجاج کی بجائے اگر آئینی جنگ لڑ کر خود کو بے قصور ثابت کرے تو بہتر ہوگا

(لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سنیٹر کامل علی آغا، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان صابر بٹ، سالار صولت امیر محمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لاڑکانہ فورم حاجی محمد عارف سومرو، صدر لاڑکانہ فورم سٹی (ف) سنیٹر کامل علی آغا، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان صابر بٹ، سالار صولت امیر محمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لاڑکانہ فورم حاجی محمد عارف سومرو، صدر لاڑکانہ فورم سٹی محمد اسلم بھٹو، ڈویژنل سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ عمران اور پی ٹی آئی ملک کے حال پر رحم کریں، پی ٹی آئی احتجاج کی بجائے اگر

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 38

پارلیمانی سیکرٹری انسانی حقوق واقلیتی امور سونیا عاشر کا سرمو ہسپتال لاہور کا دورہ

مختلف وارڈز میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولتوں کا جائزہ لیا، انتظامیہ سے معلومات حاصل کیں

لاہور (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری انسانی حقوق واقلیتی امور سونیا عاشر کا سرمو ہسپتال لاہور کا دورہ

ہدایت پر پارلیمانی سیکرٹری انسانی حقوق واقلیتی امور سونیا عاشر نے لاہور کے سرمو ہسپتال کا اچانک دورہ کیا۔ اپنے دورے کے دوران انہوں نے مختلف وارڈز میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولتوں کا جائزہ لیا اور ہسپتال انتظامیہ سے

معلومات حاصل کیں۔ اے ایم ایس سرمو ہسپتال منصور اقبال نے پارلیمانی سیکرٹری کو ہسپتال کی ای او سی کا تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر سونیا عاشر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر عام فرد اہم کی خدمات پر مامور ہیں۔

اسلام آباد پر حملہ آور ہونے کا کسی کو حق نہیں، شاہد خاقان عباسی

اتنی خوفزدہ حکومت کبھی نہیں دیکھی، سیاست کو نفرت اور دشمنی میں بدل دیا گیا ہے

پی ٹی آئی نے پارلیمانی سیاست کو تباہ کر دیا ہے، سابق وزیر اعظم

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ عوام پاکستان پارٹی اور سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی نے پی ٹی آئی کے احتجاج پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد پر حملہ آور ہونے کا کسی کو حق نہیں ہے لیکن احتجاج کرنا آئینی حق ہے۔ ایک احتجاج میں انہوں نے کہا کہ اتنی خوفزدہ حکومت کبھی نہیں دیکھی، حالیہ حکومت

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 45

صوبہ بھر میں لائسنسنگ سہولیات جاری

24 گھنٹوں میں 13 ہزار سے زائد شہریوں نے لائسنسنگ سہولیات سے فائدہ اٹھایا

بھاری جرمانوں اور قانونی کارروائی سے بچنے کے لیے فوری ڈرائیونگ لائسنس بنوائیں، مُراد خان بیگ

(لاہور (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مراد خان بیگ کے احکامات پر ٹریفک اور ٹان کمرشل لائسنس کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں میں 13 ہزار سے زائد شہریوں نے لائسنسنگ سہولیات سے فائدہ اٹھایا۔ ترجمان پنجاب مراد خان بیگ کے احکامات پر کمرشل اور ٹان کمرشل لائسنس کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے، 3 دن میں 635 شہریوں نے لرنر ڈرائیونگ لائسنس بنوائے۔ 5 ہزار 564 شہریوں

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 44

عبدالعلیم سے بیلاروس کے وزیر ٹرانسپورٹ کی ملاقات

مواصلات کے شعبے میں دونوں طرف تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

بیلاروس کو سرمایہ کاری میں شراکت دار بنانا چاہتے ہیں، وفاقی وزیر مواصلات

فراقرم اور دی سی کی طرز پر سینٹرل ایشیا تک تجارتی کوریڈور کے خواہاں ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بیلاروس کے وزیر ٹرانسپورٹ

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 43

اسلام آباد پر حملہ آور ہونے کا کسی کو حق نہیں، شاہد خاقان عباسی

اتنی خوفزدہ حکومت کبھی نہیں دیکھی، سیاست کو نفرت اور دشمنی میں بدل دیا گیا ہے

پی ٹی آئی نے پارلیمانی سیاست کو تباہ کر دیا ہے، سابق وزیر اعظم

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ عوام پاکستان پارٹی اور سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی نے پی ٹی آئی کے احتجاج پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد پر حملہ آور ہونے کا کسی کو حق نہیں ہے لیکن احتجاج کرنا آئینی حق ہے۔ ایک احتجاج میں انہوں نے کہا کہ اتنی خوفزدہ حکومت کبھی نہیں دیکھی، حالیہ حکومت

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 45

اعظم نذیر تارڑ اور بیلاروس کے وزیر انصاف کے درمیان ملاقات

قانونی تعلیم اور لاء کونسلوں، ایسوسی ایٹس کے تبادلے میں تعاون کے لئے دلچسپی کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ سے پاکستان کے دورہ پر آئے ہوئے بیلاروس کے وزیر انصاف کوویلینکو ایوگینی کے درمیان ملاقات میں گرمجوشی اور باہمی احترام کے جذبے کا اظہار کیا گیا اور دونوں رہنماؤں نے موجودہ دوطرفہ باہمی تعلقات کو مزید

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 46

صدر ریاست سے وزیر سماجی بہبود سردار محمد حسین کی ملاقات، دورہ پلندی کی دعوت

اسلام آباد (این این آئی) صدر ریاست آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے حکومت آزاد کشمیر کے وزیر سماجی بہبود آبادی وسال ڈیزر خیبر پختونخوا کوہستان پوچھ پرہا صوبے میں وشنگروی کے پیچھے پیچھے مقامی تو میں ہیں، کرم میں وشنگروی کے پیچھے امریکا کا ہاتھ ہے، عوام سے اپیل کرتے ہیں کہ فرقہ

گنڈاپور ایک دفعہ پھر احتجاج سے بھاگ کر واپس آ گیا ہے، میاں افتخار حسین

وفاق، صوبے کے درمیان گنڈاپور کو کوئی خیبر پختونخوا کو نہیں پوچھ رہا، صدر عوامی نیشنل پارٹی

پشاور (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی خیبر پختونخوا کے صدر میاں افتخار حسین نے کہا ہے کہ گنڈاپور ایک دفعہ پھر احتجاج سے بھاگ کر واپس آ گیا ہے گاہ وفاق اور صوبے کے درمیان گم جوڑ ہے، کوئی خیبر پختونخوا کو نہیں پوچھ رہا صوبے میں وشنگروی کے پیچھے مقامی تو میں ہیں، کرم میں وشنگروی کے پیچھے امریکا کا ہاتھ ہے، عوام سے اپیل کرتے ہیں کہ فرقہ

ایوٹی ٹی لاہور کے زیر اہتمام سوشل ایجوکیشن کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد

اعلیٰ تعلیمی ادارے محض سیکھنے کی جگہ نہیں، یہاں خیالات کی پرورش، مستقبل کا رخ متعین کیا جاتا ہے، ڈاکٹر شاہد

اساتذہ طلبہ کو اخلاقیات سکھائیں اور ان کی تربیت کریں، ہمارا معاشرہ کسی قسم کے فساد کا متحمل نہیں ہو سکتا، وائس چانسلر

(لاہور خبرنگار) ایوانی ٹی لاہور میں سوک ایجوکیشن کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سینیٹر ڈاکٹر اعظم نذیر تارڑ مہمان خصوصی تھے۔ سینیٹر پلڈاٹ منیر بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے اور شرکا سے خطاب کیا۔ سیمینار کا مقصد یونیورسٹی طلبا میں شہری سوسائٹی ایوانی ٹی لاہور، پنجاب بائیر ایجوکیشن کمیشن اور سینٹر فار پبلک ایڈ سیکٹر اسٹڈیز کے اشتراک سے

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 36

پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ کی بہترین ہیلتھ ویلفیئر کا مشن

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے مختلف عارضوں کا شکار ملازمین کو مالی اخراجات کیلئے مزید فنڈز جاری کر دیئے۔

صرف ملازمین کے بچوں کو ہی نہیں بلکہ ملازمین کے ساتھ سہولیات فراہم کر رہے ہیں بلکہ ملازمین کے ساتھ ساتھ انکے اہل خانہ کو بھی بہترین ہیلتھ ویلفیئر کیلئے ممکن معاونت فراہم کی جا رہی ہے۔ آئی جی پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی جانب سے ہیلتھ ویلفیئر برانچ ہمارے پھول پراجیکٹ کے تحت نہ

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 48

ڈپٹی کمشنر شہید بینظیر آباد شہزاد یار گل میمن کی زیر صدارت محکمہ تعلیم کے ڈسٹرکٹ ریفارم کمیٹی کا اجلاس

نواب شاہ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر شہید بینظیر آباد شہزاد یار گل میمن کی زیر صدارت محکمہ تعلیم کے ڈسٹرکٹ ریفارم اور سوسائٹ کمیٹی کا ایجلاس ڈی ای آئیس کے دیہاڑیاں میں منعقد ہوا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر شہزاد یار گل میمن نے کہا کہ ضلع کے اسکولوں میں کورس کی کتابیں

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 49

سندھ بھر میں کم و بیش 20 دسمبر کے دن کو ردیائے سندھ کے ساتھ عہد وفا کے طور پر بھرپور طریقے سے منائیں، سید زین شاہ

کراچی (این این آئی) صدر سندھ یونائیٹڈ پارٹی و کنوینر دریائے سندھ بچاؤ تحریک سید زین شاہ نے سندھ بھر کے عوام سمیت سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے کارکنان کو ویڈیو لنک کی بے کہ وہ سندھ بھر میں 20 دسمبر کے دن کو دریائے سندھ کے ساتھ عہد وفا کے طور پر بھرپور طریقے سے منائیں، اپنے جاری بیان میں

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 50

چینی حکام کا تریملی کارکنان کے استحصال کی روک تھام کے لئے الگورتھم نظام کے جائزے پر زور

بیجنگ (شہود) چینی حکام نے متعلقہ آن لائن پلیٹ فارمز پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے الگورتھم کا معائنہ کریں اور ان افعال کو درست کریں جو تریمل کارکنوں کے استحصال کا باعث بن سکتے ہیں۔ سائبر سپیس امور کے مرکزی کمیشن کے بیان کے مطابق یہ اقدام کمیشن اور کئی دیگر حکام کی جانب سے حال ہی میں شروع کی گئی مہم کا حصہ ہے جس

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 52

دہشتگردی کے باعث مالی نقصان اٹھانے کے باوجود پاکستان امن اتحاد، مفاہمت کے فروغ کیلئے پرعزم ہے، سینیٹر رحیمن کمار

تنازعات، عدم مساوات کے باعث منقسم دنیا میں امن، برداشت اور ہم آہنگی کے فروغ کیلئے مشترکہ کوششیں انتہائی اہم ہیں، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹر رحیمن کمار نے کہا ہے کہ تنازعات اور عدم مساوات کے باعث منقسم دنیا میں امن، برداشت اور ہم آہنگی کے فروغ کیلئے مشترکہ کوششیں انتہائی اہم ہیں۔ ایوان بالا سینیٹ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سینیٹر رحیمن کمار نے کہا کہ تنازعات اور عدم مساوات کے باعث دنیا میں تقسیم، بداشت اور عدم برداشت کے رجحانات بڑھ رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوڈا میں منعقدہ برداشت اور امن کے فروغ کے سلسلے میں

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 53

آئی جی سندھ کا عادی ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن، پنجاب کے 7 اضلاع سے 186 گیس کنکشن منقطع 70 لاکھ جرمانے

گیس چور گروہ کا خلاف کریک ڈاؤن

لاہور میں ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 21 کنکشن جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 4 کنکشن منقطع کیے اور گیس چوری کے خلاف 28 لاکھ روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔

فیصل آباد میں 7 غیر قانونی کنکشنز اور کمپریسر کے استعمال پر 1 کنکشن منقطع کرتے ہوئے 60 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ فیصل آباد میں 7 غیر قانونی کنکشنز اور کمپریسر کے استعمال پر 1 کنکشن منقطع کیے اور گیس چوری کے خلاف 28 لاکھ

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 35

(لاہور (صوف الطاف ۔ سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (SNGPL) نے گیس چوری کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں مزید 186 غیر قانونی گیس کنکشن منقطع کر دیے اور 70 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے عائد

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 34

محرم الحرام سے متعلق انتظامات کے حوالے سے اجلاس

قصور: ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او قصور خان مظفر دراڑ اور ڈی پی او قصور ڈاکٹر حیدر علی خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

راولپنڈی، بانی پی ٹی آئی کے مکمل احتجاج کے پیش نظر انتظامیہ کی جانب سے لگائے جانے والے کنٹینرز کے باعث موٹر سائیکل سوار ریلوے ٹریک سے موٹر سائیکل گزار رہے ہیں



محرم الحرام سے متعلق انتظامات کے حوالے سے اجلاس

راولپنڈی، بانی پی ٹی آئی، بشریٰ بی بی، علیمہ خان اور علی امین گنڈاپور پر مقدمہ درج

مقدمے میں اپوزیشن لیڈر محرابیب، سابق صدر عارف علوی، شہریار یاض، حماد اظہر، اسد قیصر کو بھی نامزد کیا گیا

ٹیکسلا (این این آئی) بانی پی ٹی آئی، بشریٰ بی بی، علیمہ خان اور علی امین گنڈاپور پر راولپنڈی کے تھانہ ٹیکسلا میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔ مقدمے میں اپوزیشن لیڈر محرابیب، سابق صدر عارف علوی، شہریار یاض، حماد اظہر، اسد قیصر کو بھی نامزد کیا گیا

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 41

ڈیجیٹل کوریڈور کا تحفظ، چین اور پاکستان کے درمیان آئی ٹی تعاون میں اضافہ

کمپیوٹر ایمرجنسی رسپانس ٹیم (سی ای آر ٹی) کیلئے چین کے ساتھ تعاون کو کام کرنے پر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سینئر آف انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ڈائریکٹر جنرل عامر جعفری نے کہا ہے کہ سی پیک کوریڈور کے ساتھ ڈیجیٹل ٹریک بھی ہے اس کو محفوظ بنانے کے لئے کمپیوٹر ایمرجنسی

انڈسٹریل فنانس نے خواتین کو اپنی تیار کردہ مصنوعات کی نمائش کا بہترین موقع مہیا کیا، فیصر شمس گھمن

کہوٹہ (این این آئی) ایوان صنعت وتجارت فیصل آباد کے سینئر نائب صدر فیصر شمس گھمن نے کہا کہ محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال، معاشرے میں گھریلو مصنوعات کو پروموٹ کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے جبکہ انڈسٹریل فنانس نے انعقاد سے خواتین کو اپنی تیار کردہ مصنوعات کی نمائش کا بہترین موقع مہیا کیا ہے جس سے ان کی مانگ میں اضافہ ہوتا قدرتی امر ہے اور اس طرح جہاں خواتین کی ہاتھ سے بنائی ہوئی اعلیٰ معیار کی مصنوعات کی مناسب قیمت ہوتی ہے۔

پارلیمانی سیکرٹری انسانی حقوق، اقلیتی امور سونیا عاشر مرسو ہسپتال میں مریضوں کو دی جانیوالی طبی سہولیات کا جائزہ لے رہی ہیں



چینی راکٹ کا جلتا ہوا زیادہ تر ملبہ زمین پر واپس گر گیا

باقیات کا ایک بڑا حصہ دوبارہ داخلے کے عمل کے دوران جل گیا

دوبارہ داخلے کے عمل کے دوران جل گیا، کسی کو نقصان کا خدشہ نہیں، ترجمان چینی خلائی ادارے کا بیان

چین کے لانگ مارچ-7 راکٹ کے ملبے کا ایک بڑا حصہ دوبارہ داخلے کے عمل کے دوران جل گیا۔ کسی کو نقصان کا خدشہ نہیں، ترجمان چینی خلائی ادارے کا بیان۔ لانگ مارچ-7 راکٹ کے ملبے کے گرنے کے متعلق پیشگوئی کی گئی تھی۔ ملبہ ہوا میں داخل ہونے کے بعد زیادہ تر جل گیا۔ کسی کو نقصان نہیں پہنچا۔ ملبہ کے گرنے کے متعلق پیشگوئی کی گئی تھی۔

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 55

بیجنگ کے ہونے والی عالمی پبلاٹی چین نمائش سے خاطر خواہ توقعات وابستہ

صنعتی اور پبلائی چین کے شعبوں میں عالمی تعاون کو فروغ دینے میں کردار ادا کرے گی

بیجنگ (شہود) دوسری جانب انٹرنیشنل پبلائی چین ایکسپو (سی آئی ایس ای ای) منگل سے ہفتے تک بیجنگ میں جاری رہے گی۔ دنیا کی پہلی قومی سطح کی نمائش دنیا بھر سے صنعتوں اور رہنماؤں اور ماہرین کو جمع کرنے کا موقع فراہم کرے گی جبکہ صنعتی اور پبلائی چین کے شعبوں میں عالمی تعاون کو فروغ دینے میں کردار ادا کرے گی۔ چین کونسل برائے

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 54

چین کے 2 نئے سیارے خلا میں روانہ

جیو گھوون (شہود) چین نے لانگ مارچ-2 سی کیریئر راکٹ کی ذریعے 2 مصنوعی سیارے خلا میں روانہ کر دیئے۔ راکٹ پیکر ووہ چین کے شمال مغرب میں جیوگھوون سیٹلائٹ لانچ سنٹر سے (بیجنگ کے مقامی وقت کے مطابق) صبح 7 بج کر 39 منٹ پر خلا میں چھوڑا گیا۔ راکٹ کے ذریعے دی کے 03 بیجنگ-203 اور دی کے 04 بیجنگ-204 مصنوعی سیارے پہلے سے طے شدہ مدار میں بھیجے گئے۔

تعلیمی اداروں میں خواتین اساتذہ کی تعداد بڑھانے کیلئے اقدامات کیے جائیں، وزیر تعلیم

ہر اسمنٹ کا شکار خواتین اساتذہ کی آواز بن کر بیشتر ایف آئی آر درج کروا چکا ہوں۔ رانا سکندر حیات

خواتین کو ہر میدان میں آگے بڑھتے دیکھنے کا قائل، ترقی کرتا دیکھ کر دلی اطمینان ہوتا ہے۔ وزیر تعلیم

(لاہور خبرنگار) وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے خواتین کے خلاف تشدد کے خاتمے کے عالمی دن کے موقع پر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے فی میل سٹاف سے ملاقات کرتے ہوئے

جشنِ مادرِ علیا کو کراچی چڑیا گھر سے (آج) سفاری پارک منتقل کیا جائے گا

کراچی (این این آئی) جشنِ مادرِ علیا کو کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن (کے ایم سی) کے زیر انتظام کراچی زولوجیکل گارڈن سے منتقل کر کے سفاری پارک منتقل کرنے کی تجاویز پیش کر دی گئیں۔ میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کی زیر صدارت اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل کے ایم سی ڈاکٹر سیف الرحمٰن نے بریفنگ دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق (آج) 26 نومبر جشنِ

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 58

پارہ چنار میں مسافر گاڑیوں پر فائرنگ کا واقعہ قابل مذمت ہے، محترمہ مرتضیٰ خان

مظفر آباد (این این آئی) ہیئر پرسن خان آف متگ فاؤنڈیشن محترمہ مرتضیٰ خان نے پارہ چنار جانے والی مسافر گاڑیوں پر فائرنگ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ نہتے مسافروں کو نشانہ بنانے والے دہشتگرد انسانیت کے دشمن ہیں، ان کا کوئی مذہب نہیں ہوتا، ان کا مقصد صرف خوف و دہشت پھیلانا ہے، ان کے

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 59

سکھر تا حیدر آباد موٹروے جلد تعمیر کیا جائے، کاشف سعید شیخ

کراچی (این این آئی) جماعت اسلامی سندھ نے مطالبہ کیا ہے کہ صوبے کے تمام قصبوں اور شہروں کو ترقیاتی فنڈز میں برابر حصہ دیا جائے تاکہ وہاں نئے ضلعے بنائے جا سکیں اور ڈویژن پر بہتر سہولیات فراہم کی جائیں۔ سندھ کے دوسرے شہروں کی تیز رفتار ترقی سے نہ صرف معیشت کو فروغ ملے گا بلکہ شہریوں میں احساس محرومی کو کم کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ صوبائی امیر جماعت کاشف سعید شیخ نے جاری کردہ

باقی صفحہ 7 جثیہ نمبر 59

صوبائی محتسب اعلیٰ نے پانی کی عدم فراہمی پر پاسیمین واٹر بورڈ کو طلب کر لیا

عارضہ قلب میں مبتلا ہونے والی خاتون کو ہسپتال پہنچانے میں تاخیر کا نوٹس

نارتھ ناظم آباد بلاک این، گلی نمبر 5 کے مکین برسوں سے پانی سے محروم ہیں: عزیز فاطمہ

کراچی (این این آئی) صوبائی محتسب اعلیٰ نے اہل محلہ نارتھ ناظم آباد بلاک این، گلی نمبر 5 کے مکین برسوں سے پانی کی عدم فراہمی کے خلاف شہری خواتین کی جانب سے دائر کی گئی درخواست پر کارروائی کرتے ہوئے پاسیمین کراچی واٹر بورڈ ڈسٹرکٹ سینٹرل کو 26 نومبر کو ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا۔ واضح رہے کہ پاسیمان بورڈ میں ایک پارٹی شہید خواتین کی برسوں سے پانی کی عدم فراہمی کے خلاف صبح کراچی پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ لگائے ہوئے ہیں۔ خواتین کا کہنا ہے کہ علاقہ مکین اور لڑکیوں کو پانی کی قلت کی وجہ سے شدید مشکلات کا سامنا ہے، پانی کی فراہمی کے لئے متعدد بار ٹینکر مافیا سے رابطہ کیا گیا لیکن ان کی جانب سے کوئی مدد نہیں کی گئی۔ ٹینکر مافیا کے خلاف احتجاج کرنے والی خواتین کا کہنا تھا کہ ہم پانی کے ٹینکر کی قیمت ادا کرنے کے لئے تیار ہیں لیکن ٹینکر مافیا کے خلاف کارروائی کی جائے۔ ٹینکر مافیا کے خلاف کارروائی کرنے کے لئے ڈپٹی کمشنر کراچی سے بھی رابطہ کیا گیا لیکن ان کی جانب سے بھی کوئی مدد نہیں کی گئی۔